The arm[illegible] continued[illegible] again cam[illegible] 1975. Th[illegible] units face[illegible] streets of[illegible] eyeball, fi[illegible] waiting fo[illegible] respective [illegible] army 'pu[illegible] be called [illegible] Khalid Mu[illegible] under hou[illegible] to settle s[illegible]

BANGLADESH: LITTLE CHANGE DESPITE CHANGE

Precisely one year ago in the early hours of Thursday August 14, 1975 young officers of the Bangladesh armoured units roared through the streets of Dacca in what was a routine Thursday night exercise and halted just outside Mujib's house in the suburbs of Dacca. The presidential guards snapped to attention as the officers approached and marched straight past them. Moments later there were some angry exchanges in Mujib's bedroom, some short quick bursts of gunfire and at the end of it four years of Mujib's rule lay soaked in blood along with his family.

The 'Banga bandhu' as he was christened by his people, started his rule with a tumultous welcome after his surprising release from Pakistan in January 1972. But the "victory" celebrations soon gave way to corruption, inefficiency and nepotism which ate away into the popularity that Mujib had acquired and the shots of August 14, 1975 rang to put an end to this situation.

Following Mujib's assassination the young army officers stayed in the background bringing up Khondakar Mushtaq, an old, middle of the road, honest politician to the front as president. The young officers also put Gen. Zia in an influential position as Army Chief of Staff. Zia is the officer with the dubious distinction of declaring Bangladesh independente on Chittagong radio on March 26, 1971.

But no appreciable change emerged despite promises of "cleaning up" and 'straightening things out.' All they settled was old scores and plenty of them, inside and outside the army but most were personal Vendettas not related to national politics.

Within the armed forces the power struggle continued as senior officers tried to reassert their authority and discipline the young upstarts who had shaken much of the power structure. Indian influence or interference remained minimal despite their grave displeasure with the turn of events in Bangladesh largely because of Mrs. Gandhi's own problems at home. In this wave the Rakhi Bahini and other Awami League 'goondas' were put on leash and poor simple man in the street or village found reprieve from their terror for a while.

The army tussle however, continued unabetted and once again came to a boil on Nov.3, 1975. This time the armoured units faced the infantry in the streets of Dacca, eyeball to eyeball, fingers on the trigger waiting for word from their respective bosses. This latest army 'pustch' - as it came to be called was led by one Brig. Khalid Musharraf who put Zia under house arrest and tried to settle score with the younge army officers. As expected the young officers had also anticipated some such move and it was Musharraf's misfortune to have taken the first step for barely three day later he lay dead along with his plans for an Indian-dominated Bangladesh. Zia was released and reinstated but as a price for peace, the young officers along with their families flew first to Bangkok and later to Libya.

A triumvirate then started to rule Bangladesh but Air Marshal Tawab's inclination towards the Middle East and his independent stand on issues earned him the ouster from the Revolutionary Command Council. Zia wanted to mend fences with India who had already amassed troops on Bangladesh borders to show who was boss. Zia had to make another retreat by mending fences with the leaders of the Rakhi Bahini and just to be safe also compromised with the young officers posting them to distant lands as secretaries and ambassadors. Only two of the original thirteen have still not settled their differences with Zia: Cols. Rashid and Farooq who are sticking to their plans for reforms and streamlining the entire system of government. While Zia would like to get rid of these two either by posting them abroad or throwing them into prison, he is handicapped by the two officers' popularity in the armed forces.

Meanwhile things are moving very much as before, according to the dictates of mother India!

University education while you work


(Canadian Scene) The off campus Programme of Woodsworth College, University of Toronto, brings entry into university, a diploma or certificate, even an arts, commerce or science degree within reach of many more people. The university while you work, where you work concept allows the student to attend classes right after work or during the lunch hour at a nearby location.

Classroom space has been made available at Canada Life Assurance Company, 330 University Avenue, City Hall, Thomson Rogers, 390 Bay Street, Toronto Dominion Bank Building, 1 King Street West, Queen's Park (MacDonald Block), Mount Sinai Hospital, York Memorial Collegiate Institute, 2690 Eglinton Avenue West.

PRE UNIVERSITY PROGRAMME - Even though you may not have your Ontario Grade 13 or its equivalent, you can qualify for University entrance through Woodsworth College's Pre-University Programme. Students are eligible if they have lived in Ontario for one full year and are 21 years of age or older. Successful completion of the course qualifies students for consideration for entry into Diploma, Certificate of Degree courses.

NEWCOMERS TO CANADA - The Pre University Programme is of interest to recent newcomers to Canada who feel that their educational standing precludes university level studies. All that is required from the applicant is a good working knowledge of the English language. If you've been away from university for some time, or even if you haven't been there before, you can get extra assistance in the form of Mathematics and Writing Laboratories. A specially designed Programme of Preparation helps with reading effectiveness, writing improvement and study skills. September 3, 1976 is the final date to apply for the Off Campus Pre-University courses for the Winter Session, 1976-77.

●●●



افسانہ

اہم بات

شاہ مرزا

میرا ذہن الجھ سا رہا تھا غیر ارادی طور پر میرا ہاتھ پینٹ کی جیب میں چلا گیا۔ دوسرے ہی لمحے میرے ہاتھوں میں ایک خط کھلا پڑا تھا۔ اتنے میں سامنے سے ساجد آتا نظر آیا۔ میں نے خط فوراً دوبارہ جیب میں ڈال لیا۔ کوثر کمرے میں بچوں کو کھانا کھلانے میں مصروف تھی۔ یہ موقع اچھا تھا۔ میں چاہتا تھا کہ ساجد کو ساتھ لے کر کہیں باہر گھوم آؤں۔ اس درمیان اس سے دو ٹوک باتیں بھی کر لوں گا۔ کوثر کے سامنے باتیں کرنا شاید ساجد کو پسند نہ ہو۔ اس لئے میں نے کوثر کو آواز دی "ادھر ہم باہر ٹہلنے جا رہے ہیں، گھنٹہ بھر میں لوٹ آئیں گے۔" اور پھر ساجد کو ساتھ لے کر گیٹ سے باہر نکل کر سڑک پر آ گیا۔

ادھر پر ساجد پہلی بار آیا تھا۔ وہ یہاں کے قدرتی مناظر کو بڑی دلچسپی سے دیکھ رہا تھا چاروں طرف پہاڑی سلسلے، اونچی نیچی، ٹیڑھی، کشادہ اور صاف شفاف سڑکیں، لمبے لمبے دیو قامت پیڑ، کھلا کھلا بے حد نیلا اور گہرا آسمان۔ کشمیر کا سارا قدرتی حسن جیسے ادھر پر سمٹ آیا تھا۔ نیچی سڑک سے جاتے ہوئے ہم آرمی کے ہسپتال کی طرف نکل گئے۔ جس کے بالکل سامنے چھوٹا سا بازار تھا۔ اب ہلکا اندھیرا پھیلنے لگا تھا اور تمام روشنیاں جل اٹھی تھیں۔ یہ روشنیاں بڑا حسین سماں پیدا کر رہی تھیں۔ پھر ہم کو لیٹی کی طرف بڑھ گئے۔ میں نے سوچا تھا اس وقت کو لیٹی میں زیادہ رش نہ ہوگا۔ کسی گوشے میں بیٹھ کر آسانی سے گفتگو کر سکیں گے۔ مگر دروازے سے اندر داخل ہوتے ہی کئی شناسا چہرے نظر آئے۔ "ہیلو ہیلو" کی آوازیں بھی آئیں۔ اس نے تھوڑی دیر کو لیٹی میں رک کر ہم پھر باہر آ گئے۔

واپسی میں ہم اوپر کی سڑک سے ہوتے ہوئے آفیسرز میس میں چلے گئے اور بار سے دو کوک لے کر لائبریری میں جا بیٹھے وہاں کوئی نہیں تھا —— البتہ ڈائننگ ہال خوب آباد تھا۔ آفیسرز وہاں کھانا کھانے میں مشغول تھے اور بیرے سرو کرنے میں۔ چند لمحے ادھر ادھر کی گفتگو کے بعد میں اصل موضوع پر آ گیا۔

"کہو ساجد، تمہارا معاملہ کہاں تک پہنچ چکا ہے؟"

"کون سا معاملہ؟" ساجد نے کچھ نہ سمجھنے کی اداکاری کی۔

"دیکھو یار، اس طرح کام نہیں چلے گا۔ میں کافی دن سے اس سلسلے کو سن رہا ہوں، مگر پوچھ نہیں سکا تھا۔ اب مجھے صاف صاف بتاؤ کہ معاملہ کہاں تک پہنچ چکا ہے" میں نے کہا اور کوک سپ کرتے کرتے گہری نظروں سے اس کی طرف دیکھتا رہا۔

ساجد نے اس بار کوئی جواب نہیں دیا۔ لیکن اندرونی کشمکش کی پرچھائیں اس کے چہرے پر بھی دوڑ گئی۔ بات یہ تھی کہ ساجد کا اڑنام کی ایک لڑکی سے عشق چل رہا تھا۔ دونوں یونیورسٹی میں ایک ساتھ پڑھتے تھے اور ایک ساتھ پڑھتے پڑھتے جیون ساتھی بننے کے سپنے بھی دیکھنے لگے تھے۔ دونوں کی راہوں میں بے شمار کانٹے تھے اور عزاروں دشواریاں تھیں۔ مگر ساری باتوں سے بے نیاز یہ دونوں آگے ہی بڑھتے جا رہے تھے۔ ساجد کے خاندان سے ہمارے گہرے تعلقات تھے اور میں اور ساجد بھی آپس میں بے حد بے تکلف اور مخلص دوست تھے میری اور اس کی عمر میں چند ہی سال کا فرق تھا۔ اسی لئے ساجد کی امی نے

مجھے خط لکھا تھا کہ میں ساجد کو اس کے اس ارادے سے باز رکھنے کی کوشش کروں، کیونکہ وہ پڑھائی لکھائی میں کم دلچسپی لینے لگا تھا اور شادی کا منصوبہ بنا رہا تھا۔ انہوں نے یہ بھی لکھا تھا کہ ماں باپ کی بات تو آج کل کے لڑکے مانتے نہیں، شاید میری بات مان جائے، کیونکہ ان کے خیال کے مطابق ساجد میری بڑی عزت کرتا تھا —— میں ٹھیرا ایک فوجی تو مجھے اتنی آسانی سے اور اتنی جلد فرصت ملنے سے رہی۔ اس لئے میں نے اسے ہی آ جانے کو لکھوا لیا تھا اور وہ آج صبح ہی یہاں آ گیا تھا۔

چند لمحوں کی خاموشی کے بعد اس نے پوچھا "کیا امی نے آپ کو کچھ لکھا ہے؟"

"سرسری سا" میں نے اپنا گلاس خالی کرتے ہوئے کہا "تم مجھے خود صاف صاف بات کیوں نہیں بتاتے؟"

وہ چپ رہا تو میں نے کہا "یار، اب بتا بھی دو کیا مجھ سے بھی چھپاؤ گے؟ یا ڈرتے ہو کہ کہیں میں الو کو تم سے چھین نہ لوں؟"

وہ مسکرانے لگا۔ مجھے ذرا تسکین سی ہوئی کہ اب اس کا ذہن کھل رہا ہے، اب وہ گفتگو کر سکے گا۔

اچانک ساجد نے کہا "میں اس سے شادی کر رہا ہوں؟"

میں نے گہری سانس لی۔ مجھے اب اس سے ذرا احتیاط سے بات چیت کرنی ہوگی۔ نئی نسل کے نوجوانوں میں جذبات زیادہ ہیں، ہوش کم۔ "نئی لہر" کے یہ لڑکے لڑکیاں بہاؤ میں کسی پہاڑی ندی سے بھی زیادہ تیز اور پر شور ہوتے ہیں۔ راستے کے اچھے برے موڑوں کی انہیں ذرا بھی پروا نہیں ہوتی۔

میں نے سنجیدگی سے کہا "تم نے اس کے نتائج کے بارے میں بھی سوچ لیا ہے؟"

"شادی کرنے کے نتائج کیا ہوتے ہیں۔۔؟"

ساجد جیسے بے خیالی میں بولا۔ یہ میرے سوال کا جواب نہ تھا، مگر میں جان گیا تھا کہ اس بات سے اس کا مطلب کیا تھا۔

ذرا رک کر میں نے کہا "مثلاً کیا تم نے یہ سوچا ہے کہ اس شادی سے تمہارے خاندان پر کیا اثر پڑے گا؟"

"کیا آپ کے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ چونکہ اڑو ہریجن طبقے سے تعلق رکھتی ہے، اس لئے مجھ سے شادی کرنے کے قابل نہیں ہے؟"

"دیکھو ذاتی طور پر میں مختلف ذاتوں یا مذہبوں کے لڑکے، لڑکیوں کے درمیان شادی کے قطعی خلاف نہیں ہوں۔ اگر متعلقہ افراد میں ایسی شادیوں سے پیدا ہونے والے مسئلوں سے نبٹنے کی صلاحیت ہو تو ذات یا مذہب کا فرق کوئی معنی نہیں رکھتا۔ لیکن اگر ہمارے کام کچھ ایسے ہوتے ہیں جن کا تعلق صرف ہم سے ہوتا ہے تو کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں —— جن کا اثر دوسروں پر بھی پڑتا ہے۔ تمہاری بہنیں ابھی شادی کے قابل ہیں۔ تمہاری اس شادی سے کیا ان کے رشتے طے کرتے وقت دقت پیدا نہیں ہوگی؟ پھر بھی خود تمہارا کیریئر کتنا غیر یقینی ہے۔ آج کا دور مقابلے کا دور ہے جو جتنا زیادہ اچھا اور لائق ہے، اس کی اتنی ہی قدر ہے تمہیں ایم اے میں اچھے نمبروں سے پاس ہونا ہے تاکہ

اور کچھ نہیں تو کم از کم لیکچرر شپ ہی مل سکے۔ تمہیں سینٹرل سروسز کے امتحانات کی تیاری کرنا ہے۔ اگر اس چکر میں تم پھنسے رہے تو تمہارے سارے خواب چکنا چور ہو کر رہ جائیں گے اور تم کچھ بھی نہ بن سکو گے۔"

"آپ کا کہنا بھی درست ہے۔ مگر میں فیصلہ کر چکا ہوں کہ اڑو کو اپنا کر رہوں گا" ساجد نے اپنی اپنی بات دہرائی۔

"کیوں؟ میں نے تو اس میں ایسی کوئی خاص بات دیکھی نہیں کہ تم اس کے لئے اس طرح پاگل ہو جاؤ۔"

"یہ نہ کہئے، پلیز۔ مجھے آپ چاہیں جو کچھ کہیں، اس کے خلاف کچھ نہ کہئے۔ میرے دل سے، میری نظروں سے پوچھئے کہ اس میں کیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ وہ بہت حسین نہیں ہے، مگر میں لڑکیوں میں بہت زیادہ خوبصورتی کی جستجو کرنا غیر ضروری سمجھتا ہوں۔ لڑکیاں خوب اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوں، سوشل ہوں، محفلوں کی جان بن سکیں قرینے سے اٹھ بیٹھ سکیں اور گھروں میں اپنی ہنسی کی جھنکار پھیلا سکیں تو بھی ان کا سب سے بڑا حسن ہے اڑو کتنی ہنس مکھ اور خوش مزاج ہے، کتنی بے جھجک ہے۔ مجھے ایسی لڑکیاں ذرا بھی پسند نہیں جو بات بات پر شرمائیں، جو لڑکوں کو ہوا سمجھیں اور ان سے دور بھاگتی رہیں؟"

اس کی یہ بات سن کر مجھے ایک سال پہلے کا واقعہ یاد آ گیا۔ یونیورسٹی میں ایک لڑکی تھی ساحرہ، واقعی وہ ساحرہ تھی۔ کسی نواب گھرانے کی چشم و چراغ تھی۔ اور قیامت کی حسین تھی۔ جب غرارہ قمیض پہن لیتی تو شہزادی لگتی۔ وہ ساجد کی بہن کی سہیلی تھی اور اس کے گھر میں اس کا آنا جانا بھی تھا۔ کبھی کبھی ساجد کار لے کر ساحرہ کو چھوڑنے اس کے گھر میں چلا جایا کرتا تھا۔۔۔ رفتہ رفتہ ساجد کے دل میں اس کے لئے بے پناہ پیار امڈ آیا اور وہ اس سے شادی کرنے کے منصوبے بنانے لگا۔ لیکن ساحرہ بڑی بزدل لڑکی تھی۔ یوں ملنے جلنے، ہنسی مذاق کرنے، ٹیلی فون پر گپ شپ کر لینے یا ہوٹل، سینما ساتھ جانے میں اسے اعتراض نہ تھا اور پیار کا اقرار بھی وہ کر بیٹھی تھی، لیکن شادی، شادی کے نام پر وہ پیچھے ہٹ گئی۔ کچھ دن بعد سنا گیا کہ ساحرہ کی شادی کسی ایف۔ آر۔ سی۔ ایس ڈاکٹر کے ساتھ طے ہو گئی ہے، بلکہ یوں کہئے کہ شادی تو پہلے سے ہی طے تھی، اس ڈاکٹر کی انگلینڈ سے واپسی کا انتظار تھا اور شادی اور منگنی کے درمیان کا وقفہ گزارنے کے لئے ساحرہ نے ساجد میں دلچسپی لینا شروع کر دی تھی۔ آخری بار جب ساجد نے ساحرہ کو فون کیا تو اس نے بڑی رکھائی سے یہ کہہ کر فون بند کر دیا کہ اس کی شادی تو کسی انگلینڈ ریٹرنڈ ڈاکٹر کے ساتھ طے ہو گئی ہے۔

میں نے مزید ٹٹولنے کے خیال سے ساجد کو ٹوکا "مگر مجھے اچھی طرح یاد ہے، صرف چند مہینے پہلے تک تم کہا کرتے تھے کہ لڑکیوں کا حسین ہونا بے حد ضروری ہے، چاہے ان میں اور کچھ وصف نہ ہو اور اب تم ایک ایسی لڑکی کے لئے سب کچھ چھوڑنے کو تیار ہو جو حسین تو خیر کہاں سے ہوتی، لوگوں کی نظروں میں بدصورت ہے۔ گہرے سانولے رنگ کی اس بے حد دبلی پتلی لڑکی میں تمہیں کیا نظر آیا ہے، میری سمجھ میں تو کچھ نہیں آتا۔۔۔"

میں اور کچھ کہنا چاہتا تھا کہ دیکھا بس دو دار بے چینی سے ادھر ادھر ٹہل رہا ہے۔ میں نے گھڑی پر نظر ڈالی۔ دس بج کر بیس منٹ ہو رہے تھے۔ اگر پارٹی یا فنکشن نہ ہو تو عام طور سے میس دس بجے تک بند ہو جاتا ہے۔ ہم باہر آ گئے۔ واپسی میں ہم دوسرے راستے سے آئے۔ ادھر بھی کچھ مکان بنے تھے۔ شاید پہلے فوجیوں کے رہنے کے بیرکس تھے، مگر اب ان ہی میں ایک، ایک، دو، دو کمروں میں آفیسرز کے خاندان رہ رہے تھے۔ فوجیوں کی زندگی بھی کتنی غیر یقینی ہوتی ہے فیلڈ پوسٹنگ کا چکر جس میں برسوں بیوی بچوں سے الگ رہنا پڑتا ہے۔ جنگ کا دھڑکا کورسوں اور ٹریننگوں کا جھمیلا۔ کتنی ہی مجبوریاں ہیں۔ اس لئے جب کبھی موقع ملتا ہے، یہ لوگ اپنے بال بچوں کو اپنے پاس رکھنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔ ڈھنگ کا مکان اگر نہ ملے تو ایک کمرے میں، جھونپڑی میں یا کیمپ صرف ٹینٹ میں پورا گھر آباد ہو جاتا ہے اور اس طرح زندگی کے غیر یقینی لمحوں سے آسودگی کا رس نچوڑ لیا جاتا ہے۔

چلتے چلتے میں کہنے لگا "سنا ہے اڑو کا ماضی بھی تو صاف نہیں رہا ہے پچھلے دنوں کئی لڑکوں سے بیک وقت اس کا چکر چل رہا تھا۔"

"آپ چاہے کچھ بھی کہیں، دنیا چاہے کچھ بھی کہے" ساجد ذرا دیر کو رکا، پھر کہنے لگا "مگر میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ میں اڑو کے بغیر نہیں رہ سکتا۔۔۔ شاید آپ اس بات کو نہیں سمجھ سکیں گے۔ اس لئے وجہ بھی سن لیجئے۔ جب ایک اعلیٰ خاندان کی حسین و چنچل لڑکی نے مجھے اس لئے ٹھکرا دیا تھا کہ میں اس کے لائق نہ تھا تو اس وقت دنیا میرے لئے تاریک ہو گئی تھی۔ میں دکھ، ذلت اور تشنگی کے اندھیروں میں بھٹک رہا تھا۔ اس وقت اڑو نے مجھے سہارا دیا۔ اس نے مجھے اپنی بے غرض محبت کا یقین دیا اور عمر بھر ساتھ دینے کا عہد کیا۔ میں بھلا اس اڑو کو کیسے بھول سکتا ہوں، جس نے محض میری شخصیت کو چاہا ہے، صرف مجھ سے پیار کیا ہے، اسے میرے "کچھ" ہونے، نہ ہونے سے سروکار نہیں، کچھ بننا نہ بننا تو قسمت کی بات ہے ہو سکتا ہے میں محض ایک کلرک بن کر رہ جاؤں۔ ہو سکتا ہے اوپر اٹھ جاؤں، مگر فرسٹریشن کے لمحوں میں پھول کی نازک سی خوشبو کی طرح میرے دل میں یہ احساس تو موجود ہے کہ اس سنگ دل دنیا میں ایک ایسی شخصیت بھی ہے جو مجھ سے "میں" ساجد سے پیار کرتی ہے۔ اس کے مستقبل سے نہیں، اور جو زندگی کے ہر اچھے برے موڑ پر میرا ساتھ دے سکتی ہے۔ آپ پوچھتے ہیں اڑو میں کیا خاص بات ہے؟ کیا یہ خاص بات نہیں ہے؟ اس میں چاہت ہے، وفاداری ہے، خلوص ہے۔ اس نے عام لڑکیوں کی طرح کبھی مجھ سے یہ نہیں پوچھا کہ میں آئی۔ اے۔ ایس کے مقابلے میں شرکت کروں گا اور کامیاب رہوں گا یا نہیں، بتائیے کیا یہ کم اہم بات ہے؟"

میں کوئی جواب نہ دے سکا۔ کچھ کہہ بھی کیا سکتا تھا!

●●

باورچی خانہ

سوفلے

ایک خوش ذائقہ اور خوش رنگ غذا ہے!

جس وقت سنہری رنگت والا پھولا پھولا اور مہکتا ہوا سوفلے کھانے کی میز پر رکھا جاتا ہے تو اسے دیکھ کر ہی اشتہا جاگ اٹھتی ہے۔

سوفلے ان سادہ غذاؤں میں سے ہے جو کھانے میں خوش ذائقہ اور دیکھنے میں خوبصورت ہیں۔ عام طور پر اسے کھانے سے پہلے یا شام کے وقت چائے کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ کم خوراک لوگوں کے لئے یہ ایک مکمل غذا ہے۔ اسے پکانے کے لئے اوون کا ہونا لازمی ہے۔

پنیر سوفلے

اجزاء ۔ ایک چائے کا چمچ پگھلا ہوا مکھن، ایک چمچ آٹا، ایک پیالی دودھ، نمک اور سیاہ مرچ حسب ذائقہ، آدھ پاؤ پنیر کسا ہوا (کریمی چیڈر چیز)، چار انڈوں کی زردی، تین انڈوں کی سفیدی ذرا سا کسا ہوا ادرک۔

ترکیب ۔ پتیلی میں مکھن گرم کر کے آٹا ملا دیں، آٹا سرخ نہ ہونے دیں۔ پھر اس میں ایک پیالی دودھ شامل کر دیں، نمک اور سیاہ مرچ ملا دیں۔ جب اچھی طرح گاڑھا ہو جائے تو چمچے سے پھینٹ کر یکجان کر لیں۔ پھر چولہے پر سے اتار کر ذرا سا مکھن اور کسا ہوا ادرک ملا دیں۔ انڈوں کی زردی بھی ملا دیں، پھر تینوں انڈوں کی سفیدی الگ سے پھینٹ کر آمیزے میں ملا دیں۔ کسا ہوا پنیر بھی آمیزے میں شامل کر دیں۔ اوون پروف ڈش کو مکھن سے چکنا کر کے آمیزہ ڈش میں انڈیل دیں۔ متوسط حرارت والے اوون میں ڈش بیس یا بائیس منٹ کے لئے رکھ دیں۔ نکال کر فوراً میز پر پیش کریں۔

مشروم چیز سوفلے

اجزاء ۔ چار اونس مکھن، ایک چائے کا چمچ پھیکا آٹا، ایک پیالہ دودھ، چار انڈے، سوا دو چھٹانک کسا ہوا پنیر، ایک پاؤ مشروم دو قاشوں میں کٹے ہوئے، ڈش کو چکنا کرنے کے لئے ذرا سا زائد مکھن۔

ترکیب ۔ پتیلی چولہے پر رکھ دیں۔ اس میں ایک چمچ آٹا اور دودھ ملا دیں۔ آنچ دھیمی رکھیں۔ نمک اور سیاہ مرچ ملا کر آمیزے کے یکجان ہونے کا انتظار کریں۔ انڈوں کی زردی بھی ایک ایک کر کے آمیزے میں شامل کریں۔ کسا ہوا پنیر بھی ملا دیں۔ پہلے پگھلے ہوئے مکھن میں مشروم کے قتلے تل لیں۔ انڈوں کی سفیدی پھینٹ کر برف کی مانند کر لیں اسے بھی آمیزے میں شامل کر دیں۔ ڈش کو مکھن سے چکنا کریں۔ آدھا آمیزہ ڈش میں ڈالیں پھر اس پر مشروم کے قتلوں کی تہہ لگائیں، پھر باقی ماندہ آمیزہ بھی ڈش میں انڈیل دیں۔ کسا ہوا پنیر بچا ہو تو اسے آمیزے پر چھڑک دیں۔ درمیانے درجے کے گرم اوون میں تیس منٹ کے لئے ڈش رکھ دیں۔

●●

(سوفلے کو ... [illegible])

ہماری فلمیں حقیقت کی عکاس نہیں ہوتیں

تحریر۔ محمد عارف عظیم

گذشتہ دس برس کے اندر فلم انڈسٹری نے جو ترقی کی ہے وہ یقیناً قابل ستائش ہے لیکن ترقی نے اخلاقی تنزل کا سبب و جواز لیا ہے اور معاشرے میں جو نئی تمام تر برائیوں نے فلمی دنیا کے تحت جنم لیا ہے وہ سب الٹی پاکستانی معاشرتی برائیوں کے خلاف صف آرا ہیں۔ ان معاشرتی برائیوں میں غنڈہ گردی، بے حیائی، قتل و غارت، چوری، جوان لڑکیوں کے اغوا اور اقوام جیسی برائیاں اپنے عروج تک جا پہنچی ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ معاشرتی برائیوں میں کمی [illegible] شامل میں فلم سب سے زیادہ کردار فلموں نے ادا کیا ہے۔ گزشتہ سال سے یہ خلش فلمی اداکاروں نے محسوس کی ہے اور انہوں نے بھی قومی ملی پر تحریری افسوس کا اظہار کیا ہے جن میں حبیب، ندیم اور محمد علی کی خدمات قابل قدر ہیں۔ حبیب وہ واحد اداکار ہیں جنہوں نے اس کے لئے باقاعدہ ایک کمیٹی مرتب کی اور فلموں میں فحاشی اور بے حیائی کے مناظر کے خلاف آواز بلند کی ہے۔

حیرت تو اس بات کی ہے کہ جب فلموں کی نمائش سے قبل ہر فلم کو سنسر بورڈ کے سامنے پاس ہونے کے لئے پیش کیا جاتا ہے تو کیا اس کے خیال میں بے حیائی کے یہ مناظر ملت اسلامیہ کے مزاج کے عین مطابق ہوتے ہیں۔

عوامی حلقوں کی جانب سے مسلسل فحاشی اور بے حیائی کے خلاف احتجاج کیا جاتا ہے لیکن حکومت کی طرف سے کوئی مثبت کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ پاکستان ایک خالص اسلامی ملک ہے جہاں اس قسم کی بے حیائی کے پنپنے کا کوئی جواز نہیں۔ چند سال قبل وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات جناب محمد حنیف خان نے بھی عوام سے اپیل کی کہ وہ فحاشی کے خلاف جہاد کریں۔ جبکہ عوام کا اخلاق اور ذہنوں کو قومی سطح پر تباہ کیا جا رہا ہے تو اس کا سد باب کیا ہو؟

ضرورت ہے حالات ہے کہ ہوشیار ہے کہ ہمارا مستقبل [illegible] کو خواہ کر دیا جائے [illegible]

ضرورت تو اس امر کی ہے کہ وقت کی ضرورت کے مطابق پبلک کے سامنے اخلاق کو سدھارنے کے لئے مفید معلومات پیش کی جاتیں۔ اور فلم ساز محض دولت اکٹھی کرنے کے رجحان کو ختم کر کے معاشرتی پہلوؤں پر غور کریں۔ فلموں میں فلمی کہانی پر شرم و حیا کو اس قدر بالائے طاق رکھ دیا جاتا ہے کہ انسانیت و شرافت کی نظر آتی محسوس ہوتی ہے۔ اسی سلسلے میں ٹیلی ویژن میں بھی پیش پیش ہے۔ گزشتہ دنوں ٹیلی ویژن پر ملک کی ایک نامور اداکارہ بابرہ شریف کا ایک ڈرامہ ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔ اسی میں چند ایک گانے اس قدر بے حیا اور فحش تھے کہ کوئی با حس انسان اپنی بہو بیٹیوں کی موجودگی میں انہیں دیکھنا گوارا نہیں کر سکتا۔ حکومت کو چاہیئے کہ سنسر بورڈ سے اس قسم کے بے ہودہ اور گندے مناظر کے سلسلے میں پوچھ گچھ کرے۔ یقیناً اس کے درپردہ ان لوگوں کا مکروہ چہرہ سامنے آ جائے گا جو پاکستان کی سالمیت کو نقصان پہنچانے کی پالیسی میں ہیں۔ اگر اس وعدے کا رخ نہ بدلا گیا تو وہ دن دور نہیں جب پاکستانی قوم ذلت کے اس گڑھے میں گر جائے گی جس سے دوسری قومیں عبرت حاصل کریں گی۔

ارباب اقتدار کو چاہیئے کہ ایسے فلم سازوں کی وہ حوصلہ شکنی کرے اور ہر ایسی فلم جس کا مقصد محض دولت کمانا ہو پر پابندی عائد کرے اس سلسلے میں گزارش ہے کہ کسی بڑی قوت کا دباؤ بھی قبول نہ کیا جائے چاہے وہ قوت کسی بڑے عہدے یا مرتبے کی حامل کیوں نہ ہو۔



انسان نے شیطان (پنجابی) کی رسم افتتاح کے موقع پر لی گئی ایک گروپ تصویر [illegible]

ندیم کی "شرمیلی"

لاہور۔ چاہت پروڈکشنز کی شرمیلی کی ریکارڈنگ ایم سٹوڈیو میں عکس بندی تیزی سے جاری ہے۔ اس فلم میں ندیم، ممتاز اور نئی اداکارہ ڈمپل نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔ فلم کے ہدایت کار اقبال اختر ہیں۔

بدرمنیر کا آخری دیدار

فلم ساز کے پی آفریدی نے آخری دیدار کے نام سے اردو فلم بنانے کا اعلان کیا ہے فلم ہدایت کار ممتاز علی خان اور موسیقار رفیق سنواری ہیں۔ جبکہ اداکاروں میں بدرمنیر، یاسمین خان، نعمت سرحدی وغیرہ شامل ہیں۔



شراب چھوڑ اور بہ جو کی عکس کا بھی خیال کرو۔ نازلی، شہزاد اور منور سعید

فلمی خبریں



صحت یاب ہو کر اسٹوڈیو میں توقع ہے کہ محمد علی جلد صحت یاب ہو کر اسٹوڈیو پہنچ جائیں گے تاہم فلموں کی شوٹنگ میں حصہ وہ مکمل صحت یاب ہونے کے بعد ہی لیں گے

محمد علی دو ماہ تک کام نہیں کر سکیں گے

لاہور۔ معروف اداکار محمد علی سپتال سے صحت یاب ہو گئے ہیں تاہم ڈاکٹروں نے انہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے اس مقصد کے لیے ان کو ابھی ہسپتال سے بھی چھٹی نہیں ملی کی ان کے ایک قریبی دوست کا کہنا ہے کہ محمد علی کی اب طبیعت بہتر ہے اور چہرے پر بھی رونق لوٹ آئی ہے تاہم ابھی کمزوری ہے انہیں ابھی مکمل آرام کی ضرورت ہے ڈاکٹروں نے انہیں مشورہ دیا ہے کہ وہ ڈیڑھ ماہ تک فلموں کے کام میں حصہ نہ لیں اور مکمل

گذشتہ سال حکومت پنجاب کو ساڑھے سات کروڑ روپے تفریحی ٹیکس وصول ہوا

لاہور۔ ہم رجولائی اعداد و شمار سے معلوم ہوا ہے کہ یکم جولائی سے ۳۰ جون تک فلموں کی نمائش سے حکومت پنجاب کو سات کروڑ تیس لاکھ چھتیس ہزار ایک سو چھبیس روپے تفریحی ٹیکس وصول ہوا ہے



ندیم ہدایت کاری کی طرف

لاہور۔ معروف اداکار ندیم جلد ہی اپنی نئی ذاتی فلم کی عکس بندی شروع کر دیں گے۔ اس فلم کی کہانی بھی ندیم نے خود تحریر کی ہے اور اسے ڈائریکٹ بھی وہ خود کریں گے۔ فلم میں ندیم مرکزی کردار ادا کریں گے۔

اوپی نیر چل بسے

نئی دہلی۔ بھارت کے مشہور موسیقار او۔ پی نیر [illegible] کا انتقال ہو گیا ہے انہوں نے سو کے قریب فلموں کی موسیقی تیار کی تھی ان کی پہلی فلم [illegible] تھی۔ انہوں نے پنجابی لوک دھنوں کی مروجہ سر تال پر اپنی دھنوں کو مرتب کیا تھا فلم نیا دور کی موسیقی پر انہیں بھارتی حکومت نے بہترین ایوارڈ بھی دیا تھا ابتدا میں لتا منگیشکر نے ان کی بتائی ہوئی دھنوں پر گیت ریکارڈ کرانے سے انکار کر دیا تھا کہ ان کی موسیقی کیا ہوگی پھر گیت گانے ہی نہیں گیا۔ حالانکہ لتا گزشتہ تیس برس سے بھی موسیقی تیار کر رہا ہے۔

اوپی نیر کی موزوں کی ہوئی دھنوں میں ایک خصوصی ترنم کار فرما تھا۔ بھارت کے ہم عصر موسیقاروں میں کسی کے یہاں نہیں پایا جاتا۔ وہ ضلع جہلم (پاکستان) کے رہنے والے تھے۔

محمد ظریف مرکزی کردار ادا کریں گے

لاہور۔ منور ظریف کے بھائی مجید ظریف ایک فلم میں مرکزی کردار ادا کریں گے۔ اس فلم کے لئے منور ظریف کا انتخاب کیا گیا تھا۔ لیکن ان کی وفات کے بعد یہ کردار مجید ظریف کو سونپ دیا گیا۔




اروناایلا نے مقبوضہ کشمیر میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔

لاہور۔ بھارتی ٹیلی ویژن سے نشر ہونے والی خبروں کی اطلاع کے مطابق گلوکارہ اروناایلا نے مقبوضہ کشمیر میں ایک جشن کے موقع پر اپنے فن کا سری نگر میں مظاہرہ کیا

کویتا آئندہ سنجیدہ اور باوقار کردار ادا کرے گی

بمبئی۔ معلوم ہوا ہے بھارت کی اداکارہ سنگیتا کی چھوٹی بہن کویتا نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ سنجیدہ اور باوقار کردار ادا کریں گی۔ کویتا کو سوسائٹی گرل میں اپنا کردار بہت پسند ہے اور وہ ایسے زندہ و جاوید کردار ادا کرنے کی خواہش مند ہے۔ اسے بعض فلم سازوں اور ہدایت کاروں سے شکوہ ہے کہ وہ بعض اچھے بھلے کرداروں کو بگاڑ دیتے ہیں اور اس طرح فن کار اپنے فن کا صحیح مظاہرہ کرنے سے قاصر رہتا ہے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ کویتا کو سوسائٹی گرل اور گلیمر [illegible] میں بہترین اداکاری کے لئے متعدد فلم سازوں نے مرکزی کردار کی پیش کش کی ہے لیکن اس نے یہ کردار قبول کرنے سے معذرت چاہی ہے۔ اگرچہ بھلے لگا تو میں وہ ایک ایسی لڑکی کا کردار ادا کر رہی ہے جو بڑی ہونے کے باوجود بھی [illegible] اور فیڈر سے دودھ پیتی ہے۔ [illegible] چلتی ہے۔



اداکارہ فردوس ماں کا کردار ادا کرینگی

پنجابی فلموں کی مشہور ہیروئن فردوس جو اعجاز کے زمانے کے ساتھ سے بحرین آرٹ ہو گئی تھی دوبارہ فلمی جگمگاہٹ میں واپس لوٹ آئی ہیں اب وہ اعجاز کی منکوحہ اور ایک بچے کی ماں ہے تاہم فردوس کو فلموں میں اب وہ کردار نہیں مل رہے جو کچھ عرصہ پہلے وہ کرتی رہی ہیں ماں اور بھابھی میں وہ ماں کا کردار ادا کر رہی ہیں۔ اس فلم میں "آج اور کل" کے اداکار ملیم احمد کالی بھی جلوہ گر ہو رہے ہیں۔

شاہی سٹوڈیو نہ صرف بلکہ لیبارٹری بھی قائم کر دی جائیگی

لاہور۔ شاہی سٹوڈیو میں آئندہ ایک ڈیڑھ ماہ میں لیبارٹری نصب ہو جائے گی۔ اور اس طرح شاہی سٹوڈیو لاہور کا ایک اور مکمل ترین سٹوڈیو بن جائے گا۔ اس وقت بھی سٹوڈیو میں کام کا کافی رش ہوتا ہے اور یہاں متعدد نئی فلموں کی شوٹنگ جاری ہے۔ مسٹر شاہ اقبال اور شیخ شید گزشتہ دنوں لیبارٹری کی تنصیب کے لئے جاپان گئے ہوئے ہیں۔ توقع ہے کہ آئندہ ہفتے تک وہ واپس آ جائیں گے اور لیبارٹری کی مشینری بھی بہت جلد پہنچ جائے گی تاہم اس کی تنصیب میں [illegible] لگ جائے گا

ریاض بخاری کے "پھول اور شعلے"

لاہور۔ فلم ساز و ہدایت کار ریاض بخاری شاہی سٹوڈیو میں فلم پھول اور شعلے کی عکس بندی میں مصروف ہیں۔ اس فلم میں یوسف خان مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں۔

احتجاجی جلوس

کینیڈین سوسائٹی آف مسلمز نے اونٹاریو کی گورنمنٹ کے خلاف احتجاجی جلوس نکالنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ جلوس ۲۲ر اگست ۲ بجے دن کالج آف ایجوکیشن واقع ۳۷۱ بلور اسٹریٹ ویسٹ سے چل کر کوئینز پارک پہنچے گا۔ جہاں اونٹاریو کے وزیر اعلیٰ اور دوسرے وزراء کو اپنے احتجاجات پیش کیے جائیں گے۔

یاد رہے کہ یہ احتجاجی جلوس اونٹاریو کے اسکولوں میں اسلام اور پیغمبر اسلام کے بارے میں غلط بیانی پر نکالا جا رہا ہے۔

اپیل

ٹورانٹو کی مسجد المرکز جس سالی کی جا پر کافی بوسیدہ ہو چکی ہے۔ اب اس کی مرمت کی اشد ضرورت ہے۔ منتظمین کا اندازہ ہے کہ اس کی مرمت پر تقریباً دس ہزار ڈالر خرچ ہوں گے۔

مخیر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس کار خیر میں حصہ لیں اور اپنا چندہ درج ذیل پتے پر روانہ کریں۔

ISLAMIC FOUNDATION
OF TORONTO, INC.
182 RHODES AVE.
TORONTO, M4L 3A1

انتخابات

[illegible] کے لئے انتخابات ۱۸ر جولائی کو عمل میں آئے جس میں حسب ذیل حضرات منتخب ہوئے:

ڈاکٹر سید امتیاز احمد (صدر)
جناب خیاض جعفری (جوائنٹ سکریٹری)
جناب آفتاب احمد (نائب صدر)
جناب ڈاکٹر مرزا [illegible] (سکریٹری)
مسز رخشندہ حسین (ٹریژرر)

چٹکیاں

ترقی کا مطلب یہ ہے کہ ہر شعبے میں ترقی ہوا کرتی ہو۔ اسی لیے وزیر اعظم سے خوب بنتی ہے۔ دنیا ادھر کی ادھر ہو جائے

الیشیائی ممالک میں روز وزیر اعظم بدلتے رہتے ہیں۔ ان کے نام معلوم کرنے کے لیے صبح کا اخبار دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔ ان حالات میں وزراء تو پھر گھنٹے ہیں، ادلتے بدلتے رہتے ہیں۔ کوئی آرہا ہے تو کوئی جا رہا ہے۔ جس کو دیکھو وہی بھاگا جا رہا ہے۔ یہ ٹریفک اتنی تیز ہے کہ اب کچھ سمجھدار ایشیائی ممالک "مغرب سے" سُود پر قرض لے کر ٹریفک لائٹ لگوا رہے ہیں [illegible]

ہمارا ملک پاکستان بھی روز بروز ترقی کرتا، دو قدم آگے اور تین قدم پیچھے دوڑتا چلا جا رہا ہے۔ اب ترقی کی حالت یہ ہو چلی ہے کہ عجب نہیں کہ ان آنے اور جانے والے منتریوں اور ان کے نورتنوں کے لیے "جمبو جیٹ" چلنے لگیں۔

مگر جناب پاکستان کا ایک وزیر، عام وزیروں سے بالکل مختلف ہے۔ چہرہ نور سے دمکتا ہوا، ہر دم چمکتا رہتا ہے۔ داڑھی کی گھناوٹ ایسی ہے کہ سردار لوگ بھی شرما جاتے ہیں۔ مرغی، پلاؤ، خالص گھی، قورمہ، باقرخانی، قلفی، لسّی، بالوشاہی، پستہ بادام وغیرہ نوش کرکے ماشاء اللہ صحت ایسی کہ بھولو پہلوان کے خاندان والے بھی ادھر اُدھر دیکھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ ہمارے اس وزیر کو پھلوں میں انگور بہت پسند ہے اور وہ بھی رقیق حالت میں اور چونکہ جنت کی سیٹ پہلے سے بک کروالی ہے اس لیے بہشتی شراب سے "اسی دنیا میں لطف اندوز ہونے کا شرف حاصل ہے۔ ہمارا یہ سدا بہار وزیر اردو اتنی پیاری بولتا ہے جیسے فارسی اور جناب عربی پر

مگر ہمارے اس وزیر کی کرسی اپنی جگہ سے ٹس سے مس نہ ہوگی۔ سنا ہے اسلام بیچنے میں وہ مہارت حاصل ہے کہ سارے عرب ممالک پاکستان سے خوش ہوکر، دل پھاڑ پھاڑ کر، تیل کوٹ کوٹ کا پاکستان کو پیسے دے رہے ہیں جس سے وہ کام کو بڑا مشہور [illegible]

لوگ کہتے ہیں کہ ہمارا یہ "نورانی" وزیر، جوش ملیح آبادی کا بہت گہرا "شام" کے وقت کا دوست ہے۔ جوش کی بیگم تو مر گئی ہیں اس لیے اب گاڑی نہیں رکی جاتی بلکہ گھڑوا رکھا جاتا ہے۔ ہمارا یہ "الحاج" وزیر اور جوش اسی کمرے میں ایک ساتھ ڈبکی مارتے ہیں۔

لیکن کچھ سال پہلے جب ہمارا یہ ہیرو مولانا، لونڈا تھا اور گلی کے لفنگے لونڈوں کے ساتھ گلی ڈنڈا کھیلتا تھا، اُس وقت جوش نے ایک نظم لکھ ماری تھی۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ نظم لکھتے وقت جوش کے ذہن میں ہمارا یہی مولوی تھا۔ آؤ! لوگو! ہم اس نظم کو ایک ساتھ پڑھیں اور اس عظیم شخصیت کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ نظم کا عنوان ہے —

مولوی

ہوئی اک مولوی سے کل ملاقات
شبیہِ قبۂ ونقوشِ منبر!
وہی ہوں گے جو فردوسِ بریں میں
خدا کے فضل سے حوروں کے شوہر
عمامہ بر سر و مسواک در جیب
[illegible]
حنا سے ریش سرخ، آنکھوں میں سُرمہ
لبِ پیش ہنسی ہوئی، زلفیں معطر
جُھکے شانے پہ پیرِ خانے کا رومال
عبا کے بند میں تسبیح [illegible]
کشادہ صدر اور کوتاہ گردن
شکم پُر رعب، قدرِ رشکِ صنوبر
[illegible]
[illegible]
عبا عنّاب گوں، دھانی عمامہ
گلوری منہ میں، لب خونِ کبوتر
جبیں کا داغ، اک دُبلی ہوئی رات
کمر کا گھیر، اک سمٹا سمندر
[illegible]
خدا کے عشق میں، وہ دلبر [illegible]
وضو کے فیض سے شاداب داڑھی
خدا کے خوف سے چہرہ "مُکدّر"
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
مگر آنکھوں میں ہنگامِ تبسم!
ریا کی چشمکیں، اللہ اکبر!

(اقتباس کتاب مطالعہ جوش؟) [illegible]

چلنے والوں کی تو ہمارے یہاں کبھی کمی نہیں رہی۔ ہر تکنیکی "نئی" ہے کہ پیال جو وزیر بالو، فضل ہمیشہ اچھی رہتی ہے۔ اس لیے ان چلنے والوں نے ہمارے الحاج کے خلاف یہ کہنا شروع کر دیا ہے کہ "مالک کی آواز" ہے۔ قیامت تک الزام والے واویلا مچاتے رہتے ہیں کہ یہ تو مولانا مگر نماز نہیں پڑھتا۔ یہ الزام بالکل بے بنیاد ہے۔ ہمیں انتہائی معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ ہمارا



یہ ہیرو مولانا وزیر ایک وقت کی بھی نہیں چھوڑتا۔ جانماز کے سامنے محبوب صاحب کی تصویر بطور گواہ رکھ لیتا ہے اور سجدے میں گڑ گڑا، گڑ گڑا کر دعا مانگتا ہے کہ "بس! تیرا ہی آسرا ہے سائیں! صرف تیرا ہی آسرا"

اخباری پاکر سے ترقی کرتے کرتے صرف اس کے فضل سے ہمارا مولانا آج اتنا اہم وزیر ہے کہ اس کے "عظیم مشورے" کے بغیر وزیر اعظم کچھ طے نہیں کر پاتے۔ ہمارے عظیم عوامی لیڈر کا دماغ اس وقت تک کام کرتا ہی نہیں جب تک کانوں تک یہ آواز نہ پہنچے۔
"واہ! کتنی اونچی بات کہدی آپ نے"
"جی ہاں! بالکل ٹھیک ہی تو کہا آپ نے"
تو دیکھا! پڑھنے والو تم نے! ہمارا مولانا کتنی بڑی ذمہ داریوں کو اپنے مضبوط کاندھوں پر اٹھائے ہوئے ہے۔ اس کے لیے جانتے ہو کس بات کی ضرورت ہوتی ہے؟ "یقین کامل" کی اور "ایمان محکم" کی۔ شک کرنے والوں پر تف ہو کہ مولانا وزیر عظیم عوامی لیڈر پر صدق دل سے ایمان نہیں رکھتا۔ ہم مولانا کی شخصیت سے اتنے مرعوب ہیں کہ آئندہ بھی ان پر قلم چلاتے رہیں گے۔ ہمیں اُمید ہے کہ اس طرح کے پڑھنے والے بھی ہم سے پورا اتفاق رکھتے ہوں گے اور مولانا کو پاکستان کی لیڈری میں اور بھی اونچا مقام دلانے جانے کی مہم میں ہمارا ساتھ دیں گے بھائیو! اگر پاکستان کی سفارش اللہ میاں کے دربار میں پہنچوائی ہے تو مولانا سے اونچی سیڑھی نہ ملے گی۔ لکھ دیا ہے کر سند رہے اور بے وقت ضرورت کام آوے!

ہماری ڈاک

جناب ایڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم
میں آپ کے اخبار کے ذریعے ایجاکیر نٹی کی توجہ آج کے ایک اہم مسئلے کی طرف کروانا چاہتا ہوں۔ یہ مسئلہ اتنا سنگین ہے کہ اگر جلد ہی اس کا حل نہ تلاش کیا گیا تو اس کا بہت امکان ہے کہ کئی قیمتی جانیں تلف ہو جائیں گی اور یہ ہم لوگ جنہوں نے اس ملک کو اپنا لیا ہے اپنی آنے والی نسلوں کے احساسِ کمتری اور ذہنی اذیتوں کی بنا پر کبھی یہاں سکون سے نہیں رہ سکیں گے۔

یہ سنگین مسئلہ لڑائی جھگڑوں میں بڑھتے ہوئے نسلی امتیاز و تعزیت کا ہے۔ پچھلے ایک ہفتے میں مجھ پر دو بار سفید نسل لڑکوں نے مختلف اوقات میں حملہ کیا۔ وہ دس پندرہ تھے اور میں تنہا۔ بڑی مشکل سے جان بچائی۔ پولیس کو اطلاع کی، دونوں دفعہ بہت دیر سے پہنچی اور آنے پر الٹا مجھ سے کہا گیا کہ میں ان ہم معاشروں کی نشاندہی کروں۔

میری رائے ہے کہ ہماری کیرنٹی کو ایک ایمرجنسی ٹیلی فون نمبر حاصل کرنا چاہیے جس پر اپنی ہی کیرنٹی کے ممبران سے دن یا رات میں کسی بھی وقت رابطہ قائم کیا جاسکے۔ اس طرح یہ ہوگا کہ ناگہانی حملے کا شکار ہونے والوں کو یہ ذہنی سہارا میسر رہے گا کہ اس دیار غیر میں ان کا ساتھ دینے والا بھی کوئی موجود ہے!

محمد یسین۔ (مصر سالار)

(نوٹ: اس ضمن میں صفحہ ۱۱ پر ایک ضروری اعلان ملاحظہ کیجیے)
— ادارہ

[illegible]

نظیر اکبر آبادی

[illegible]

ولی محمد نام، نظیر تخلص، ۱۷۳۵ء میں دلّی میں پیدا ہوئے۔
والد کا نام محمد فاروق تھا۔ ۱۷۵۷ء میں احمد شاہ ابدالی نے جب دلّی پر حملہ کیا تو نظیر آگرہ چلے گئے اور وہیں کے ہو رہے ۱۸۳۰ء میں آگرہ میں انتقال کیا۔ یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ نظیر کا کلام کتنا تھا کیونکہ انہوں نے زندگی میں کبھی اپنا کلام جمع نہیں کیا۔ فارسی میں بھی شعر کہتے تھے اور فارسی نثر میں بھی دو کتابیں لکھیں۔ نظیر ایک نغز گو، بذلہ سنج، اور مردم شناس شاعر تھے۔ شاعری میں کسی کے مقلد یا پیرو نہ تھے بلکہ خود ہی اپنے رنگ کے موجد تھے۔ ان کا موضوع انسان اور اس کا معاشرہ ہے۔ انسانی ہمدردی، جزئیات کا مطالعہ اور ہمہ گیر تخیل ان کا طرۂ امتیاز ہے۔ زبان پر قدرت، معاشرتی حالات پر عبور، فطرت کی رازشناسی، مناظرِ قدرت کی مصوری، مختلف فنون کا وقوف، سیاسی بصیرت، رفتارِ زمانہ سے واقفیت، بلاغت، درخشندگی، تخیلیت، اختراع الفاظ کا سلیقہ، ظرافت، سوز و گداز، ترنم، غرض کہ نظیر شاعری کے سارے لوازم و محاسن موجود ہیں۔ ان کا کلام صنائع و بدائع سے مالامال ہے۔ نظیر نے اردو زبان میں نئی بندشوں اور جدید ترکیبوں کا اضافہ کیا اور قدیم فرسودہ استعارے اور تشبیہیں چھوڑ کر جدید شاعری کی داغ بیل ڈالی۔ اردو شاعری میں نیچرل شاعری کا پیوند سب سے پہلے انہی نے لگایا۔ ادنیٰ سے ادنیٰ گھریلو واقعہ اور سادہ سے سادہ منظر کو باتوں باتوں میں مکمل کر دکھانے کی طرح اور تفنن طبع کے طور پر جس طرح نظیر نے بیان کیا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔ نظیر نے ہر صنفِ سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ ان کی شاعری داخلی اور خارجی دونوں حیثیتوں سے مکمل ہے۔ زندگی کا کوئی پہلو، معیشت اور معاشرت کا کوئی انداز، احساسات و تاثرات کا کوئی منظر ایسا نہیں جو کلیات نظیر میں نہ ملتا ہو۔ البتہ جوانی کا کچھ کلام فحش ہے۔ ڈاکٹر فیلن کا قول ہے "نظیر ہی اردو کا اکیلا وہ شاعر ہے جس کی شاعری اہل فرنگ کے معیار کے مطابق سچی شاعری ہے۔"

جام نو

صبح آزادی

فیض احمد فیض

یہ داغ داغ اُجالا، یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر تو نہیں
یہ وہ سحر تو نہیں جس کی آرزو لے کر
چلے تھے یار کہ مل جائے گی کہیں نہ کہیں

فلک کے دشت میں تاروں کی آخری منزل
کہیں تو ہوگا شبِ سست موج کا ساحل
کہیں تو جاکے رُکے گا سفینۂ غم دل

جگر کی آگ، نظر کی اُمنگ، دل کی جلن
کسی پہ چارۂ ہجراں کا کچھ اثر ہی نہیں
کہاں سے آئی نگارِ صبا، کدھر کو گئی
ابھی چراغِ سرِ رہ کو کچھ خبر ہی نہیں

ابھی گرانیٔ شب میں کمی نہیں آئی
نجاتِ دیدہ و دل کی گھڑی نہیں آئی
چلے چلو کہ وہ منزل ابھی نہیں آئی

پاکستان

شبِ قدر کی برکت و رحمت

حمید المکرم

ہمارے ذہنوں نے اس قوم کو بھلا دیا جس نے ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو جنم لیا تھا

رمضان المبارک کی مبارک شب جسے شب قدر بھی کہتے ہیں کہ برکت و رحمت پاکستان پہ ... شب ... پہلا آسمان پر آ موجود ... سلام ... شب ...

[illegible]

سلطان احمد داؤدی

۱۴ اگست


غیر معمولی اہمیت کا دن

مسلمانوں نے برصغیر پر

گیارہ سو سال تک انتہائی پرشکوہ انداز سے حکومت کی

۱۴ اگست غیر معمولی ... اہمیت اس لحاظ سے بھی ... کا کہ یہاں ... سے قبل برصغیر میں مسلمانوں نے ...

[illegible]



سلطان احمد داؤدی

[illegible]

نغمۂ وطن

دشت و جبل گل و لالہ و نسترن کے لیے
جو سرچکا ہے تو سوچو ہے چمن کے لیے
سجا رہا ہوں نئے عزم و شوق کے عنواں
مرے وطن تری تاریخ کی پھبن کے لیے
ہو سربلند ترا نام جب تک زندہ ہیں
اسی غرور کی خاطر اسی لگن کے لیے
وہ پھول کیا جو مزاجِ چمن سمجھ نہ سکے
نئے چراغ جلائیں گے انجمن کے لیے
متاعِ عشق تو پہلے ہی لٹ چکی آثم
یہ جان ہے سو ہے خوشنودیٔ وطن کے لیے

[illegible]

کلاسیکی موسیقی کا ایک شاندار پروگرام

استاد فتح علی خاں اور اسد امانت علی خاں کا فنی مظاہرہ

ہندوستانی کلاسیکل موسیقی میں اس قدر عوامی مقبولیت حاصل کرنے کی صلاحیت ہے اس کا اندازہ ۔ ۔ ۔ کی اس شام ہوا جس میں پاکستان کے ان نامور فن کاروں نے اپنی گائیکی کا مظاہرہ کیا اور باوجود یہ کہ سامعین کی بہت بڑی اکثریت فن موسیقی سے قطعی نا واقف تھی ۔ ۔ ۔ حسین دام کی ۔ ۔ ۔ بہتر کا رنگ مشہور ہے ۔

اس آہوئے رم خوردہ کی وحشت کو ن شکل تھی
سحر کیا ۔ ۔ ۔ جس نے مجھ کو رام کیا



اُستاد فتح علی خاں

پروگرام کا آغاز راگ مالکونس سے ہوا۔ سخت تعجب کی بات یہ ہے کہ سامعین نے نہ صرف یہ کہ اسے ذوق و شوق سے سنا بلکہ ایک طرح کی خوش دلی، شگفتگی اور تعلق خاطر فنکاروں سے پیدا ہو گیا جو سارے پروگرام کے دوران قائم رہا۔ اس میں فن کاروں کی SHOWMANSHIP کو بھی بڑا دخل ہے جنہوں نے آتے ہی سامعین سے جذباتی ربط قائم کر لیا تھا۔ یہ بات کسی بھی پروگرام کی کامیابی کے لیے نہایت ضروری ہوتی ہے۔ اُستاد فتح علی خاں اور اسد امانت علی خاں STAGE PRESENCE رکھتے ہیں اور اپنے شگفتہ انداز سے سامعین کا دل موہ لیتے ہیں۔ اسد امانت علی خاں اور ان کے چچا حامد علی خاں ابھی نہایت کم عمر ہیں۔ لیکن انہوں نے کلاسیکل گائیکی میں جو مقام حاصل کر لیا ہے وہ ہمیں ورطۂ حیرت میں ڈال دیتا ہے۔

فنی اعتبار سے یہ بات واضح تھی کہ فتح علی خاں صاحب کو گائیکی پر زبردست قدرت حاصل ہے۔ ان کا گلا بھی نہایت موزوں ہے۔ انہوں نے بھاگیشوری راگ گایا اور خوب گایا۔ افسوس کہ SHOWMANSHIP کے مظاہرے میں انہوں نے نہ راگ کو DEVELOP کیا اور نہ ہی IMPROVISE کر سکے۔ غالباً اس کے لیے وقت ہی نہیں تھا۔ اگر وہ الاپ میں آوچر والا سفر یا جھالا میں کچھ گلے کی مرکیوں کا مظاہرہ کرتے یا پھر VIRTUOSO IMPROVISATION کرتے تو لطف آجاتا۔ لیکن غالباً سامعین کی اس فن سے ناواقفیت کو بھانپ کر انہوں نے گائیکی اور طبلے کے روبرو مقابلے کو سامعین کی دلچسپی کی بنا پر ترجیح دی

حامد علی خاں ان کے چھوٹے بھائی ہیں۔ کھرج اور استھائی سروں کے بیچ بیچ ان کی آواز کا ریبج ALTO VIBRATO ہے۔ سمجھ لیجئے۔ ہماری دانست میں راگ اور گلے کے باہمی امتزاج پر انہیں اچھی قدرت حاصل ہے اور اس کی فطری صلاحیت رکھتے ہیں۔ گاتے وقت



اسد امانت علی خاں

وہ اگر اپنی انگلیوں اور ہاتھوں کی حرکت پر اتنی توجہ نہ دیں تو بہتر ہوگا۔ ہمارے خیال میں یہ DISTRACTING حرکت ہے ہیں

کے علاوہ عمر کے اضافے کے ساتھ ساتھ انہیں اس کی کوشش کرنی چاہئے کہ آواز کھرج میں یا کم از کم اس OCTAVE میں پہنچ جائے۔ اگر ایسا ہوا تو میری یہ پیشن گوئی آپ لوگ یاد رکھیں کہ یہ صاحب کلاسیکل گائیکی میں فن کے بام عروج پر پہنچ جائیں گے۔

۔ ۔ ۔ صاحبزادے ہیں اور ابھی کم عمر ہیں خوب گاتے ہیں۔ لیکن UPPER HARMONIC REGISTER میں VOICES بہتی لگ جاتی ہے

اور غالباً وہ پہر ہی ۔ ۔ ۔ رہتے ہیں لیکن اگر وہ ۔ ۔ ۔ انداز میں اس ۔ ۔ ۔ کر بڑا جاتے ہیں یہاں ایک ۔ ۔ ۔ کی وضاحت ضروری ہے کہ منتظمین کی تکنیکل عدم واقفیت کی وجہ سے مائیکروفون غلط ۔ ۔ ۔ تھے اور آسانی سے OVERLOAD ہو جاتے تھے اور اگر انہیں اسکرین کیا جاتا تو HOWL نہ کرتے منتظمین نے آخر تک اس خرابی کو درست نہیں کیا۔

یہ شام اس اعتبار سے یادگار رہے گی کہ پاکستان سے آنے والے فن کاروں نے نہایت خوبصورت انداز سے سامعین کا دل موہ لیا اور اپنی زندہ دلی تلطف اور سحر انگیزی سے کلاسیکل موسیقی کو مقبول بنا دیا۔ اگر ڈوب کا ریت میں اگانا محال ہے تو یہ معجزہ ہم نے اس شام دیکھ لیا۔ اس محفل موسیقی نے یہ اثر چھوڑا ہے کہ اب تک ہے

زہر گوسے صدائے ارغنون چنگ و نے خیزد
ز ہر سوئے صدائے بربط و طنبور و تار آید
(قاآنی)

یوم استقلال مبارک

مانٹریال اولمپک ہاکی ٹورنامنٹ

حیرت انگیز نتائج کا عالمی ریکارڈ

پر منعقد ہونے کے لئے کینیڈا کے شہر مانٹریال میں منعقد ہونے والے یہ کھیل تاریخی ثابت ہوں گے

ناکامی کی ذمہ داری

... پر

کامیابی کا سہرا

منیجر و کوچ کے سر

گلی گلی یہ نعرہ ہے
گولا دینا اچھا ہے

ناکامی کی دو بڑی وجہ کمزور GAME STRATEGY



[illegible]
(لندن)

سوویٹ روس کی ثقافتی پردے میں ایشیائی جارحیت

ہند و پاکستان میں صوبائی تعصب کی بھڑکتی آگ کا خطرناک پھیلاؤ

برزنیف کی ایشین سیکوریٹی پلان کا ایک جائزہ ۔

ہر اخبار یا جریدہ کا اداریہ حالات حاضرہ پر تبصرہ ہوتا ہے ۔ مدیران واقعات سیاست اور معاشرتی انداز و فکر کی تہہ تک پہنچ کر خیالات اور تحقیق کے موتی چن کر لاتے ہیں جن کو وہ اپنے قارئین کی خدمت میں پیش کر کے داد کا صلہ پاتے ہیں یا مخالفت کے تازیانے سہتے ہیں ۔ اداریہ کا مقصد رائے عامہ کو عقل و ہوش اور اصول پسندی کے زاویوں پر لانا ہوتا ہے یعنی علمی جہاد ہے کہ جھوٹ کے ماحول میں سچ کو سچ منوالیا جائے اور اس طرح ذہنی جستجو کی راہیں تمام کر دی جائیں ۔ غیر ممالک میں بسنے والے ہندوستانی اور پاکستانی اصحاب کو اپنے وطن کے حالات اور خبروں سے صرف اس قدر دلچسپی ہو سکتی ہے کہ وہاں کی سیاست اور حالات کے رخ ملکی سالمیت کی حفاظت میں دلیل ہو ۔ ہم لوگ چاہے کتنے عرصہ سے اپنے وطن سے دور ہوں اور کتنی ہی آسودگی اور خیر و برکت سے قدرت نے ہم کو نوازا ہو ۔ لیکن دل کی دھڑکنوں اور ذہن کی سوچوں کا اب تک وطن کی محبت کو ہم نے قریب سے قریب تر رکھا ہے ...... وہاں کی غربت ، بھوک ، بے روزگاری سے جلے ہم دور سہی لیکن کبھی نہ بھی ہم اگر پاکستانی ہیں تو پاکستان کی اور ہندوستانی ہیں تو ہندوستان کی بقا ، سالمیت اور بہبود کے لئے دعا گو ضرور ہوتے ہیں ۔ ہمیں معمولی نوعیت کی خبروں سے نہ تو لگاؤ ہو سکتا ہے اور نہ ہی اس کا جواز شوق ہی میں پیدا ہو سکتا ہے کہ اگر پاکستان میں بھٹو صاحب کے انتخابی سیاسی سفر کے رفیق کاران کو چھوڑ رہے ہیں یا ہندوستان میں اندرا جی کے ہنگامی قوانین نافذ کروانے کے بعد کانگریس میں پھوٹ پڑ گئی ہے تو ہم پاکستانی اور ہندوستانی لوگ کیوں ملی جذبات اور ذہنی خلفشار کا شکار ہوں ۔ اب ہمیں کسی پارٹی یا کسی شخصیت سے کوئی سروکار نہیں رہا ۔ ہاں وطن ، وطن ہے اور اس کا پیار امر رہے گا !!! اس عقلی مفروضہ کے ساتھ میرا آپ کا کام مشکل ہو جاتا ہے کہ اداریہ کی بنیاد کس بات پر رکھوں ؟

چند ایسے مسائل ہیں جو ہند و پاک کی تاریخ میں نمایاں طور پر ابھر گئے اور یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ان مسائل کی سنگین نوعیت کسی طرح بھی ان کو میری خوش قسمتی نہیں بنا سکتی اگر یا تو میں ان مسائل کو پیدا کرنے والے واقعات کا حصہ رہا ہوں اور یا اپنے تحقیقی ذہن سے ان کو پہچان کر نتیجے اخذ کرتے ہیں ...... مشرقی پاکستان میں علیحدگی کی تحریک کیسے چلی اور کیا واقعی شیخ مجیب الرحمٰن مرحوم غدار تھا یا جرنیل ایوب خاں مرحوم کے عہد حکومت میں جو دھاندلیاں ہوئیں ۔ دیکھا جائے تو ہند و پاکستان کی اصطلاح میں ایسی معمولی بات ہے ۔ جیسے جانوروں کو پکڑ کر کانجی ہاؤس میں بند کر دیا جائے ۔ اس کے علاوہ یہ سوال کہ کیا بلوچی قائدین پاکستان سے علیحدگی کے لئے تخریب کاری میں مصروف ہیں یا صرف مجیب کی طرح صوبائی خود مختاری کے حامی ہیں ؟ مسئلہ کشمیر آخر کیوں حل نہیں ہوتا اور شیخ عبداللہ کا " آزاد کشمیر " والا پلان کیا ہے ؟ ...... ہندوستان اور پاکستان کے لا متناہی تنازعات کا موجب دیکھتے ہیں تو صرف کشمیر ہی لگتا ہے مگر اس کے اصل وجوہات کیا ہیں ؟ ـــــــ یہ سب ایسے سوالات ہیں جو کہ اپنی اہمیت کی وجہ سے ذہنوں میں چبھتے ہیں کیونکہ ان کا تعلق ملکی سالمیت سے ہے گو کہ ہم لوگ بیرونی ممالک میں " نئے آباد کاروں " کے زمرہ میں

آتے ہیں مگر جیتی جاگتی تاریخ کے ان ابواب کو ہم نظر انداز نہیں کر سکتے کیونکہ یہ مسائل ہمارے اپنے برا اعظم ایشیا کی پیداوار ہیں اور درد ان کھڑے ہوا ہے ریشمی پیچ بوروں کی طرح ہمارے پیچھے لگتے ہی جا رہے ہیں ۔ ان تمام مسائل پر عنقریب سلسلہ وار لکھنا شروع کروں گا تاکہ ہمارے قارئین کو بھی ان تاریخی معاملات کی صحیح جانکاری ہو سکے ۔ فی الحال اس اداریہ کو میں روس کی کمیونسٹ پارٹی کے سیکرٹری جنرل لیونارڈ برزنیف کی مذموم اور سازشی " ایشین سیکوریٹی پلان " کی طرف مذکور کر رہا ہوں جس کی وجہ سے پہلے پاکستان کی ملکی سالمیت ۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی سے مجروح ہوئی اور اب سندھ ، سرحد اور بلوچستان میں علیحدگی کی تحریکوں کو بھڑکانے کے لئے استعمال کی جا رہی ہے ۔ اس اداریہ کا محرک روس کا ثقافتی پردہ ہے جو پاکستانی قوم کی طرف وہ جارحانہ قدم ہے جس کی نہ صرف پاکستانی بلکہ ہندوستانی طبقہ جات کو بھی شدید مذمت کرنی چاہئے کیونکہ یہ صرف پاکستان کی بقا کا سوال نہیں ہے بلکہ ہندوستان کی اپنی سالمیت کے لئے بھی ایک لمحہ فکریہ ہے ۔ اگر روس کا یہ تحقیقاتی انقطار کر بلوچی ، پٹھان ، سندھی اور پنجابی سب الگ الگ قومیں ہیں ۔ مان لیا جاتا ہے تو ہندوستان میں تو بہت پہلے سے شمالی اور جنوبی ہندوستان کے صوبوں میں چپقلش چلی آ رہی ہے اور وہ بھی اس بلی بھی تربیت سے سازشی ہتھکنڈوں کی لپیٹ میں بری طرح آ جائے گا میں سمجھتا ہوں کہ روس کی سیاسی قیادت کارل مارکس کے عالمی کمیونسٹ انقلاب کے اصولوں کی نظریاتی پسپائی کے بعد اب سازشانہ انداز میں کمیونزم کا پھیلاؤ چاہتی ہے ۔ اب یہ کہنا اور ثابت کرنا کہ بلوچی ، پٹھان ، سندھی اور پنجابی الگ الگ قومیں ہیں جن کا علیحدہ علیحدہ کلچر ہے ۔ مختلف ادب اور زبان ہے الگ الگ رسم و رواج اور ان کے آباؤ اجداد کے ورثے اور میراث الگ ہیں ۔ اگر روس کا پھیلایا ہوا یہ جال صرف نظریاتی ہوتا تو اس کی نفی مذہب اور ملت کے تصورات کے ساتھ کی جا سکتی تھی ۔ مگر روس اپنی اس سازش کو تخریبی کارروائیوں کے ساتھ آگے بڑھانے پر تلا ہوا ہے اور وطن فروش عناصر کو بھاری رقومات اور اسلحہ جات کے ساتھ " ایک قوم ایک وطن " کے سہانے خواب کی طرز کی تعبیر بنانے پر اکسا رہا ہے ۔ ایسے وطن دشمن اور ضمیر فروش لوگ جو اس سازش میں روس کے معاون اور مددگار ہیں ۔ وہ صرف قابل مذمت ہی نہیں بلکہ بلا واسطہ پھانسی پر لٹکائے جانے کے مستحق ہیں ـــــــ کیونکہ وطن فروشی سے بڑھ کر اور کوئی زیادہ گھناؤنا جرم نہیں ہو سکتا ۔ یہ سب کچھ کیا کرایا برزنیف کی " ایشین سیکوریٹی پلان " کا ہے آخر اس ناپاک پلان کا مفہوم اور مقصد کیا ہے ؟ خروشچیف کے دور حکومت سے روس اور چین کے درمیان نظریاتی اختلافات کی خلیج وسیع ہونا شروع ہو گئی تھی ۔ اس کی ایک وجہ تو خروشچیف اور ماؤزے تنگ کا شخصیاتی تصادم تھا جس کو عام فہم سیاسی اصطلاح میں (BEROS-NALIC CLASH) کہا جاتا ہے بلکہ روسی کمیونزم نظام کے قائم ہونے کے بعد پہلا ملک چین تھا جہاں انقلاب آیا لیکن اس کے ساتھ ہی کارل مارکس کا یہ نظریہ غلط ثابت ہو گیا کہ عوامی انقلاب صرف صنعتی ممالک میں ہی محنت کش مزدوروں کے ذریعے لایا جا سکتا ہے کیونکہ جبکہ ان کے زراعت پیشہ لوگ رجعت پسند اور RECTIONERY ہوتے ہیں ۔ لیکن روس میں زار کے ......

طوفان انقلاب کسان لائے اور چین کا انقلاب بھی دہقانوں کا مرہون منت رہا ماؤ نے مارکسزم میں اپنے خیالات اور نظریات کی آمیزش کی اور روسی نظریاتی بالادستی کو چیلنج کیا اور چین بر نظریاتی اور سیاسی بالادستی قائم نہ کر پایا کو شاں ہو گئے جب روس نے مارکسی فلسفہ کے برخلاف چین پر اپنی ملکی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ...... صنعتوں کو قائم کرنا چاہا تاکہ چین کے زرعی اور معدنی وسائل اور روس کی صنعتی پیداوار اپنے اقتصادی مفادات برسر کار لا سکے تو ماؤ نے اس اقتصادی جارحیت پر مبنی اقدامات کو مسترد کر دیا بلکہ روس کے مارکسزم کے اصولوں کی برخلافی پر خاصی نکتہ چینی بھی کی ۔ دراصل مارکس نے اپنی مشہور اقتصادی تھیوری ...... میں یہی اقتصادی جارحیت ...... کی نشاندہی کی تھی ورکیموڈم کا بانی ملک ہوتے ہوئے بھی روس نے مارکسسٹ اصولوں کی منافی کر کے کمیونسٹ تحریک کو شدید دھکا لگایا تھا ۔ یہ ترمیم پسندی اس لئے کہنا ضروری تھا کہ برزنیف کی ایشین سیکوریٹی پلان کے محرکات پر روشنی ڈالی جا سکے اس کا مقصد یہ ہے کہ چین کو ...... سے زیادہ خطرناک ثابت ہو سکتا ہے ۔ روس کی وجہ سے تو امریکہ اور اس کے حلیف ممالک سے اصلی دشمنی ہے اور باوجود امن کی باتوں اور معاہدوں کے ہمیشہ قائم رہے گی کیونکہ کمیونسٹ معاشی کے تحت سرمایہ دارانہ ممالک سے کوئی سمجھوتہ ممکن ہی نہیں ہو سکتا ۔ مگر چین ایک کمیونسٹ ملک ہوتے ہوئے بھی روس کی مخالفت کرے تو نظریاتی خلفشار کے ساتھ ساتھ روس کا اثر مشرقی یورپ کے کمیونسٹ ممالک میں بھی دیکھا دیکھی ختم ہو سکتا ہے اس لئے چین کو فوجی طور پر محصور کرنے کے لئے یہ ایشین سیکوریٹی پلان مرتب کی گئی ہے ۔ اس فوجی گھیراؤ کو عملی جامہ پہنانے کے لئے روس نے مشرقی پاکستان کے معاملے میں کھلم کھلا فوجی مداخلت کی اور ہندوستان کو بھرپور فوجی امداد دے کر پاکستان کو دو حصہ کر دیا ۔ مشرقی پاکستان کو بنگلہ دیش بنانے کی کامیابی کے بعد اب روس پاکستان کے دیگر صوبوں میں افغانستان کے ذریعہ تخریبی کارروائیوں کی دامے درمے اور سخنے سرپرستی کر رہا ہے ۔ اس کا یہ ہرگز مقصد نہیں ہے کہ وہ صوبائی قائدین جو علاقائی خود مختاری کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں اور جیلیں کاٹ رہے ہیں وہ سب غدار ہیں ۔ جب مختلف علاقائی اکائیاں ایک وفاق میں شامل ہو جاتے ہیں تو علیحدگی کی بات اجتماعی نقطہ نظر سے انحراف کے علاوہ وفاقی سالمیت کے ساتھ غداری ہوتی ہے ۔ پاکستان انگریزوں کا عطیہ نہیں تھا ۔ جیسا کہ بعض حلقوں میں سوچا جاتا ہے بلکہ ہندی مسلمانوں کی تحریک کا ثمر ہے ۔ پاکستان کا معرض وجود میں آنا سابق برٹش حکمرانوں ، کانگریس اور مسلم لیگ کے درمیان باہمی معاہدہ کا نتیجہ تھا یہ اور بات ہے کہ قائد اعظم مرحوم کی وفات کے بعد نظریہ پاکستان اپنا اصلی مفہوم ہی سیاسی گورکھ دھندوں میں کھو بیٹھا ـــــــ سازش کے تحت ایک ملک کے ٹکڑے کرنا شرمناک فعل ہے ۔ جیسا کہ توبہ ، وادی کینیڈا کے صوبہ کیوبک میں علیحدگی کی تحریک نظر تک کے ایما پر زور پکڑ گئی تو وفاقی مداخلت کے طور پر زبردست طوفانی برٹش ...... علیحدگی کی تحریک کی حامی جماعت کو ...... کو کچل دیا گیا ۔ دنیا بھر کی جہاں بھی علیحدگی کی تحریک بیرونی مداخلت کی وجہ سے عمل میں آئے تو وہ بین الاقوامی اخلاقیات کے منافی سمجھی جاتی ہے ۔ ہاں پاکستان میں صوبائی تعصب کی جو آگ بھڑکی ہے وہ نہایت تشویشناک ہے ۔ اس طرح روس کا سازشی مقصد پورا ہو رہا ہے کہ پاکستان ختم ہو جائے ۔ برزنیف کا منصوبہ برا عظم ہند و پاکستان کو چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم کرنے کا ہے جس کو یونائیٹڈ اسٹیٹس آف ہندوستان کا نام دیا جائے گا ۔ ہندوستان کی سرکار کو اب بنگلہ دیش کا تجربہ ہو چکا ہے کہ کس طرح مختصر سے عرصہ میں بنگلہ دیش کے عوام کل کے محسن کو آج کا دشمن سمجھنے لگے ہیں اور اس کے سفیر بھی وہاں سے ناحق دھتکار دئے گئے ۔ کیا یہ حماقت نہیں ہے کہ ہندوستان جو خود اتنا بڑا ملک ہے وہ مزید ملک گیری کی ہوس کرے ۔ جب کہ ہندوستانی عوام کی روز مرہ کی ضروریات کو سنبھالنا ہی مشکل ہو رہا ہے تو کسی مشکل منطق ہے کہ بھارت کو برخود غلط خواہ مخواہ کا ذمہ دار بنا دیا جائے ۔ کشمیر کو اپنے دائرہ اثر میں رکھنے کے لئے ہندوستان سرکار وہاں پر اپنے صوبوں سے زیادہ ترقیاتی فنڈ لگا چکی ہے جو اب سفید ہاتھی بن رہا ہے ۔ جن کی قابلیت اور سیاسی شعور کا میں ذاتی طور پر قائل رہا ہوں ۔ انہیں دور جدید کے پیش نظر شیخ عبداللہ کی بات مان کر کشمیر پاکستان

جو پاکستان کا عہد ہیں کہ ہندوستان کشمیر سے قبضہ ہٹا لیں ...... ہوتا جا رہا ہے ۔ اس اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کی جس کے چلنے سے خائف ہو گیا ہے ۔ ...... سے ہی کسی جو کیا پھر سکتے ۔ جبکہ ابتدا ہی سے ان کی دلیل اور اصول یہ رہا ہے کہ کشمیر کی بنیاد دولت اور جغرافیائی ...... پاکستان سے الحاق کے ...... کا تصور ...... ہو ۔ بہر حال مسئلہ کشمیر کا الگ باب ہے ...... صرف اتنا عرض کر دوں کہ ...... منگلا ڈیم اور جنگ آزادی ...... کو جیسا کہ ...... ملک بھی سرنگوں ہو گیا ـــــــ آزادی کی تحریک ہمیشہ عوام چلاتے ہیں اور وہ کبھی غداروں کے چلانے پر سرنگوں نہیں ہوتے ہیں ۔ اگر کشمیر کے عوام ہندوستان سے آزادی چاہتے ہیں تو وہ ...... آخر کار ہمارے برصغیر ...... عوام جن کی خوشحالی روز بروز مشکل سے چل رہی ہے ...... ان تمام باتوں کا لب لباب یہ ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کو آپس میں امن کی فضا قائم کرنی چاہئے ۔ دوستانہ اور تجارتی تعلقات قائم کرنا چاہئیں اور جنگ کی بنیادوں پر ...... اسلحہ کے ذخائر سے زیادہ رقومات کو اپنی ملکی ترقی کی طرف لگانا چاہئے ـــــــ عوام بھوک کے مارے ہیں اور اسلحہ کی ...... رہے ...... یہ جمہوری اقدار اور عوامی بہبود کے اصولوں کی سراسر خلاف ورزی ہے اور میں تو یہاں تک کہوں گا کہ حب الوطنی بھی نہیں !

بھٹو اور اندرا دونوں کو ایک دن تاریخ کے ابواب میں جانچا اور پرکھا جائے گا ۔ اس وقت کے مورخ ان دونوں کو اس بات کا مورد الزام ٹھہرائیں گے کہ انہوں نے ...... اصولوں پر عمل کر کے عوام کو جنگ کے خطرے میں الجھائے رکھا تاکہ وہ بھوک اور افلاس سے تنگ آ کر بغاوت نہ کر دیں ۔ ان کے سروں پر جنگ کے بادل اس طرح مسلط رکھے گئے کہ وہ موت کے خوف سے ہی لب تک بول نہ سکیں ۔

اس صورت حال کا پورا فائدہ روس اٹھا رہا ہے اس کی سیاسی لغت میں ہند پاکستان کے باہمی سمجھوتے کا مطلب برا عظم ایشیا سے سوویٹ روس کی نوری پسپائی ہے وہ امن کے خلاف جانے کے لئے بہت کچھ ...... کرتا ہے ...... آخر یہ ہند و پاکستان کے عوام کیوں نہیں سمجھتے ؟ اس کے علاوہ اندرونی چپقلش کو ختم کرنے کے لئے ان دونوں ممالک کے حکمران صوبائی خود مختاری کے اصولوں کو کیوں نہیں مان لیتے ۔ جہاں تک پاکستان کے قیام اور اس کی بقا کا سوال ہے تو دونوں ممالک کے عوام میں بہت ساری یکسانیت کے باوجود بھی پاکستان کا بننا ضروری تھا ۔ یہ اور بات ہے کہ بعد میں نظریہ پاکستان کو غلط معنی دے دئے گئے یہ دو مختلف تہذیبوں یا دو مختلف زبانوں کی تقسیم نہیں تھی اور نہ ہی دو مذاہب کے درمیان فیصل بندی تھی بلکہ ایک اقتصادی نظریہ تھا اور دونوں ممالک کی اقلیتوں کے لئے امن و آشتی اور ترقی و تکمیل کا ذریعہ تھا جو ایک اچھے خواب کی طرح شرمندہ تعبیر ہو سکا اور انگریز حکمرانوں نے جاتے جاتے ہمارے عوام کے دلوں میں نفرت کا بیج بو دیا کہ اب تک ہم عداوت کی فصلیں کاٹتے چلے آ رہے ہیں ۔ !

اگر اب بھی ہم ان دیوؤں کی جنگ (BETTLE-OF THE GIANTS) میں خواہ مخواہ الجھتے رہے اور پھر برزنیف کا پلان کے ہند و پاکستان کی مملکتیں چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹ جائیں اور مشرقی یورپ کی طرح اس کی محکوم بن جائیں بالکل پوری ہو جائے گی ۔

ہمارے جریدے کے چند سیاسی اصول ہیں جو کہ ان پر استوار ترقی اور عوامی بہبود پر مبنی ہیں ۔ ہند و پاکستان اور بنگلہ دیش میں جنگ کی نفرت کو ختم ہو جانا چاہئے اور باہمی تعاون کے ساتھ ایک دوسرے کا ترقی کی راہوں میں معاون بننا چاہئے ۔ اس حصول مقصد کے لئے ہند و پاکستان اور بنگلہ دیش کے ممالک کو علاقہ امن یعنی PEACE ZONE قرار دے دینا چاہئے ۔ ...... اپنے ناپاک جنگی عزائم کو ...... اقوام متحدہ میں ...... اکثریت ہے اور یہ ایشیائی ، افریقی اور عرب ممالک اگر چاہیں تو علاقہ امن والا پلان کو ایک قرارداد کے ذریعے عملی جامہ پہنا سکتے ہیں ۔ اس سلسلے میں ہم ...... ممالک کو مراسلے بھجوا رہے ہیں اور اخباری ذرائع سے اس با مقصد جذبہ کی تشہیر بھی کریں گے تاکہ ہند و پاکستان اور بنگلہ دیش کے عوام بھوک اور ننگ جیسی لعنتوں سے نجات پا سکیں ۔


عالمی امن ...... زندہ باد
ایشیائی ترقی ...... پائندہ باد











پاکستان ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ سے صرف بجلی پیدا کرے گا: بھٹو

وزیر اعظم نے پلانٹ نصب کرنے کے بارے میں صدر فورڈ کا استدلال رد کر دیا

کینیڈا، فرانس، بلجیئم اور امریکہ، پاکستان کو یورینیم نہیں دیں گے

کراچی ۔۔۔۔۔ وزیر اعظم پاکستان ...



مرزا ناصر احمد

امیر جماعت احمدیہ مرزا ناصر احمد امریکہ میں ایک بین الاقوامی کانفرنس میں جاتے ہوئے لندن میں تین دن کے لیے رکے۔ یہاں انہوں نے اپنی جماعت ... سے ملاقات کی اور ایک پریس کانفرنس سے خطاب کیا ... پاکستان میں ... احمدیہ جماعت کو اقلیت قرار ...

مسلم لیگی کارکنوں کو رہا کرنے کی ہدایت

صدر داؤد کا پیغام ہمدردی

راولپنڈی ۔۔۔۔۔ ریڈیو رپورٹ، افغانستان کے صدر سردار داؤد خان نے وزیر اعظم پاکستان کے نام ایک پیغام بھیجا ہے۔

صدر اور وزیر اعظم کے درمیان دلچسپ مکالمہ


اسلام آباد ۔۔۔۔۔ (پ پ) آج جب صدر فضل الٰہی چودھری اور وزیر اعظم موریطانیہ کے صدر کے استقبال کے لیے اسلام آباد ہوائی اڈے پہنچے تو دونوں بڑے خوشگوار موڈ میں تھے۔ اخبار نویسوں سے بات چیت کرنے کے بعد وزیر اعظم صدر مملکت کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا اخبار نویسوں سے بات چیت کرنے پر آپ پر کوئی آئینی پابندی نہیں ہے۔ صدر مملکت نے جواب دیا۔ جی ہاں یہ پابندی موجود ہے تاوقتیکہ آپ اس کی اجازت نہ دیں۔ وزیر اعظم نے کہا بہت خوب ...... میں اجازت دیتا ہوں۔ صدر مملکت نے فوراً جواب دیا یہ اجازت تحریری ہونی چاہیے ...

اسلام آباد ۔۔۔۔۔ اے پی پی۔ ... ترجمان نے کہا ہے کہ ... کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی ... ترجمان نے مزید کہا کہ ... حکام کو ہدایت کر دی گئی ہے کہ وہ ... داخل کرنے والوں کو ہر ممکن سہولت اور رہنمائی مہیا کریں۔

موریطانیہ کے صدر مختار ولد داداہ سرکاری دورے پر پاکستان پہنچ گئے

ملکوں کے سربراہوں میں باضابطہ مذاکرات ہوں گے

اسلام آباد ۔۔۔۔۔ (اے پی پی) موریطانیہ کے صدر مسٹر مختار ولد داداہ پاکستان کے پہلے سرکاری دورے پر آج صبح تہران سے یہاں پہنچے ...



... پاکستان ... اعتماد کا یقین دلایا ہے

ریل کے علاقائی منصوبے میں بنگلہ دیش کو بھی شامل کیا جا سکتا ہے: شہنشاہ ایران

تہران ۔۔۔۔۔ ایران کے شہنشاہ نے کہا ہے کہ ان کے ملک کی پاکستان اور بھارت کے بارے میں پالیسی ...



حکومت بنگلہ دیش نے مجیب دور میں بھارت سے کیے گئے خفیہ دفاعی معاہدے کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا

ہمیں اصل معاہدہ دکھایا جائے، حکومت بنگلہ دیش

(فرا کا بیراج سے پانی حاصل کرنا ہے تو دفاعی معاہدہ تسلیم کرو، بھارت کا مطالبہ)

کراچی ۔۔۔۔۔ ایک صحافی ...

بنگلہ دیش کی فوج نے بھارتی تخریب کاروں کے چار حملے پسپا کر دیئے

حملہ آور جانی نقصان اٹھانے کے بعد اسلحہ چھوڑ کر فرار ہو گئے

تخریب کاروں نے پندرہ روز کے اندر چار مرتبہ بنگلہ دیش میں داخل ہونے کی کوشش کی

پاکستانی تارکین وطن متحد ہو جائیں

انتخابی فہرستوں کی تصحیح اور نئے ووٹروں کے اندراج کا کام مقررہ وقت پر مکمل نہیں ہو سکے گا

پنجاب میں سیلاب کی نازک صورت حال سے کام معطل ہو گیا ہے

لاہور۔ ــــ (وقائع نگار) انتخابی فہرستوں کی تصحیح اور نئے ووٹروں کے اندراج کا کام مقررہ وقت میں مکمل نہیں ہو سکے گا۔ الیکشن کمیشن کے مقررہ پروگرام کے مطابق اس تصحیح اور اضافے کی مدت چودہ اگست کو ختم ہو رہی ہے مگر پنجاب کے وسیع علاقے زیر آب آ جانے کی وجہ سے وہاں پر یہ کام بالکل ہی نہیں کیا جا سکا۔ ... اس طرح اس مقصد کے لیے رکھے گئے مقررہ وقت میں سے آدھا ... اس روز کام نہیں ہو سکا۔ اس کے علاوہ اس مقصد کے لیے ...

سرکاری اہلکار بھی اس ہنگامی صورت حال سے نمٹنے میں مصروف ہو گئے ہیں اور انتخابی فرائض کے سلسلے میں کام کرنے کے لیے ان کے پاس وقت نہیں ہوگا۔ ... تصحیح اور نئے اندراجات کا کام دیہات میں جہاں ملک کی آبادی کی اکثریت رہتی ہے بالکل نہیں ہو سکے گا۔

اسلام کے بارے میں فلم کی لندن میں نمائش

لندن ــــ (ریڈیو رپورٹ) لیبیا اور مراکش کے تعاون سے اسلام کے بارے میں جو فلم تیار ہوئی ہے اس کی لندن میں نمائش کی گئی۔ بی بی سی کے نامہ نگار کا کہنا ہے کہ اس فلم میں رسول اللہ کے دور کو فلمبند کیا گیا ہے لیکن فلم سازوں نے احتیاط برتی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شبیہ مبارک دکھائی ہے نہ ان کی آواز مطہرہ کی نقل اتاری گئی ہے البتہ عم رسول اللہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے واقعہ کو فلمبند کیا گیا اور حضرت حمزہؓ کی نقل مشہور امریکی اداکار انتھونی کوئین نے اتاری۔ فلم میں جنگ احد اور جنگ بدر کی نقل بھی دکھائی گئی ہے۔

میر واعظ کی قیادت میں ہزار کشمیری حریت پسندوں کا سری نگر میں زبردست مظاہرہ

"پاکستان زندہ باد اور استصواب رائے کراؤ" کے پرجوش نعرے

سری نگر ــــ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی حکومت اور اس کے کٹھ پتلی وزیر اعلیٰ شیخ عبداللہ کے تمام استبدادی ہتھکنڈوں کے باوجود بھارت سے آزادی اور حق خود اختیاری کی تحریک زور پکڑتی جا رہی ہے۔ نیو یارک ٹائمز کے نمائندے ہنری کم کے مطابق ماہ رواں کے اوائل میں سری نگر میں مولوی محمد فاروق کی قیادت میں حق خود اختیاری کے حق میں زبردست مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے پاکستان زندہ باد اور استصواب رائے کراؤ کے نعرے لگائے۔ عینی شاہدوں کا کہنا ہے کہ مظاہرین کی تعداد کم از کم ... ہزار تھی۔ سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کی جدوجہد آزادی میں میر واعظ مولوی محمد فاروق کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ نیو یارک ٹائمز کے نمائندے کا کہنا ہے کہ شیخ عبداللہ اگرچہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ان کی پوزیشن بہت مضبوط ہے مگر بھارتی حکومت انہیں کسی وقت بھی ٹھکرا دے گی۔ ...

بارش کے باعث ہزاروں من سرکاری گندم خراب ہو گئی

خراب گندم کو باقی گندم سے علیحدہ کرنے کے بھی انتظامات نہیں کیے گئے

لاہور۔ ــــ (وقائع نگار) بارش سے ہزاروں من سرکاری گندم بھیگ کر خراب ہو گئی ہے۔ پنجاب میں ریلوے ... صادق آباد، بہاولپور اور بہاول نگر ... حکومت کی خرید کردہ گندم کے ذخائر ... کسی گودام میں منتقل نہیں کیے گئے تھے۔ ... اکثر جگہوں پر انہیں ڈھانپنے کے انتظامات بھی مناسب نہیں تھے۔ شدید بارش کی وجہ سے وہ ذخائر بھیگ گئے ہیں اور گندم خراب ہو گئی ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ انتظامیہ کی عدم توجہی کی وجہ سے ان ذخائر کو فوری طور پر محفوظ مقامات پر پہنچانے اور خراب گندم کو باقی گندم سے علیحدہ کرنے کا بھی کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔

متعدد فلور ملوں کے مالکان اور بنک منیجروں کو گرفتار کر لیا گیا


بدعنوانیوں کے مرتکب افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی

فلور ملوں سے نکالے گئے کارکنوں کو بحال کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے: قائم علی شاہ

لاہور۔ ــــ (اپنے اسٹاف رپورٹر سے) وفاقی وزیر برائے زرعی تعلیم و نسق سید قائم علی شاہ نے فلور ملوں، رائس ملوں اور جننگ فیکٹریوں کو قومی تحویل میں لئے جانے کے اقدام کو ملک کی معاشی ترقی میں ایک اہم اور بنیادی اقدام قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ ان ملوں میں بدعنوانی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس ضمن میں مناسب اقدامات کر رہی ہے ...

بلوچستان میں نئی کابینہ کی تشکیل کے لئے وزیر اعظم کے صلاح و مشورے

زیارت۔ ــــ (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم بھٹو نے گزشتہ روز کوئٹہ بلوچستان اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے ارکان سے ملاقات کی جن میں ... اور متعدد دوسرے ارکان شامل تھے۔ اس ملاقات میں بلوچستان کے سیاسی حالات پر غور و خوض کیا گیا۔ گورنر بلوچستان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ باخبر ذرائع کی اطلاع کے مطابق اس اجلاس میں بلوچستان میں وزارت کی تشکیل کا فیصلہ کر لیا گیا ہے اور توقع ہے کہ ... بلوچستان کی نئی کابینہ حلف اٹھا لے گی۔



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو ژوب میں ایک اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

بیرون ملک جانے والے اپنے کاغذات مکمل کر لیں

وزارت خارجہ

اسلام آباد — (اپ پ) وزارت خارجہ نے اعلان کیا ہے کہ [illegible] بیرون ملک خصوصاً [illegible] جانے والے پاکستانی اپنے تمام متعلقہ کاغذات مکمل کر لیں۔ وزارت خارجہ نے اپنے اعلان میں کہا ہے کہ [illegible] پاکستانیوں کے لیے مشکلات پیدا [illegible] پاکستانی [illegible]

پاکستان کی طرف سے [illegible] حکومت کیلئے قرآن حکیم کا تحفہ

اسلام آباد — (اپ پ) حکومت پاکستان نے [illegible] قرآن حکیم [illegible]

> کریسنٹ کا یہ شمارہ اگر آپ کو مفت ملے تو اس کی سالانہ خریداری قبول فرما کر ہمیں اپنی خدمت کا موقعہ دیجیے۔ یہ اخبار خود بھی پڑھیے اور اپنے دوستوں کو بھی پڑھنے کے لیے دیجیے۔ (ادارہ)

> کریسنٹ کے سالانہ خریداروں سے گزارش ہے کہ وہ اپنے اخبار پر اگر یاد دہانی کی سرخ مہر دیکھیں تو بروقت اپنی ممبرشپ کی تجدید کروائیں۔ تاکہ اخبار بغیر کسی رکاوٹ کے آپ تک پہنچتا رہے۔ شکریہ! (ادارہ)

پروفیسر غفور احمد گرفتار کر لیے گئے

[illegible]

سردار عبدالقیوم کے وکلاء کو مظفر آباد جانے سے روک دیا گیا

مظفر آباد — [illegible] ہائی کورٹ کے وکیل [illegible] کا مقدمے میں نظر بند کا وکیل مقرر کیا گیا تھا جنہیں آج یہاں پہنچنا تھا ہمیں اطلاع ملی ہے کہ انہیں لاہور سے باہر جانے سے روک دیا گیا ہے۔

غیر ملکی عورتوں سے شادی کرنے والے سفارتی ملازمین برطرف کر دیئے جائیں گے

ڈھاکہ — بنگلہ دیش میں ایک نیا قانون نافذ کر دیا گیا ہے جس کی رو سے بنگلہ دیش کے وہ سفارتی ملازم جو غیر ملکی عورتوں سے شادی کریں گے اپنی ملازمتوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔

جاپانی پہلوان انوکی اور اکرم پہلوان کے درمیان کشتی
[illegible]

کراچی — [illegible] جاپانی پہلوان انوکی اور اکرم [illegible] پہلوان کے درمیان کشتی کا مقابلہ [illegible] پاکستان میں ہوگا۔ [illegible]

صوبہ سرحد کے عوام سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال کا مقابلہ کریں گے

متاثرین کو ہر ممکن امداد دی جائے: وزیر اعظم بھٹو

پشاور — (اپ پ) [illegible]

وزیر اعظم نے ملک بھر میں پیپلز پارٹی کی رکنیت سازی کی مہم شروع کرنے کی ہدایت کر دی

اسلام کے اعلیٰ نظریات پر ایمان رکھنے والے تمام لوگوں کے لیے پارٹی کے دروازے کھلے ہیں

[illegible]

کریسنٹ

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

رمضان المبارک

روزے سے انسان کی قوتِ ضبط اور قوتِ ارادی مضبوط ہوتی ہے

روزے کے بنیادی مقاصد

تقویٰ اور صبر ہیں

از مولانا امین احسن اصلاحی

اس زمانے میں جو لوگ مغرب کے مادہ پرستانہ فلسفہ زندگی سے متاثر ہیں وہ روزے کے خلاف یہ اعتراض اٹھاتے ہیں کہ اس سے انسان کی صلاحیت کار اور اس کی قوت کارکردگی بہت کم ہو جاتی ہے جس سے فرد اور معاشرہ دونوں کو بہت نقصان پہنچتا ہے۔ ہمارے نزدیک یہ اعتراض کرنے والے دو بنیادی حقیقتیں نظر انداز کر دیتے ہیں۔

[illegible]

تیسواں یوم آزادی

اہل پاکستان آج دنیا بھر میں تیسواں یوم آزادی منا رہے ہیں۔ زندہ اور احساس ذمہ داری سے سرشار قومیں اپنے یوم آزادی پر ماضی کا جائزہ لے کر اس بات کا تعین کرتی ہیں کہ قوم نے آزادی کے بعد کیا کھویا اور کیا پایا ہے؟ آزادی کی جدوجہد میں جن مقاصد کی لگن نے ہمیں ایک قوم بنایا اور خاص و عام کو حقوق عطا کیے تھے آزادی کے بعد انہیں حاصل کرنے میں کہاں تک کامیابی حاصل ہوئی ہے اور کس حد تک ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا ہے اور کیوں؟ کیا سرزمین پاکستان پر جب سے دسمبر ۱۹۷۱ء کے بھیانک ڈرامے کے بادل تو نہیں منڈلا رہے ہیں؟

پاکستان کا معرض وجود میں آنا ایک معجزہ ہے۔ پوری انسانی تاریخ میں کسی نئے ملک کو اتنے سنگین مسائل کا سامنا نہیں کرنا پڑا جو ہمیں درپیش تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے حبیب کے صدقے، حضرت قائد اعظم کی زیر قیادت دشمنوں کی امیدوں کے برعکس ان مشکلات پر کافی حد تک قابو پا لیا گیا۔

یہ ہماری بدقسمتی تھی کہ حضرت قائد اعظم قیام پاکستان کے تیرہ ماہ کے بعد ہی رحلت فرما گئے۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ بابائے قوم نے اس مختصر عرصے میں سیاست، حکومت، آئین، انتظام، خارجہ پالیسی، معیشت الغرض ہر شعبۂ زندگی میں ہمارے لیے رہنما اصول وضع کر لیے تھے اور اگر ہم ان اصولوں پر گامزن ہو جاتے تو کوئی وجہ نہیں تھی کہ ہم پاکستان کو صحیح معنوں میں قائد اعظم کا پاکستان بنانے میں کامیاب نہ ہوتے۔ لیکن بدقسمتی سے بابا کا سایہ اٹھتے ہی ہم بے لگام ہو گئے۔

قائد اعظم نے فرمایا "ہر مسلمان کو ایمانداری، خلوص اور بے غرضی کے ساتھ پاکستان کی خدمت کرنی چاہیئے"۔ ہم نے ان کے ارشاد سے انحراف کیا۔ انھوں نے فرمایا "اگر ہم قرآن مجید کو اپنا آخری اور قطعی رہبر بنا کر شیوۂ صبر و رضا پر کاربند ہوں اور اس ارشادِ خداوندی کو کبھی فراموش نہ کریں کہ تمام مسلمان بھائی بھائی ہیں تو ہمیں دنیا کی کوئی ایک طاقت یا کئی طاقتیں مل کر بھی مغلوب نہیں کر سکتیں"۔ لیکن ہم نے قرآن اور اسلام کا نام تو بہت لیا مگر دوسروں کو دھوکا دینے کے لیے، یا ووٹوں کی خاطر۔ چنانچہ ہمیں وہ سزا ملی جس کے ہم حقدار تھے — قائد اعظم کا پاکستان دو لخت ہو گیا اور ہمارے ازلی دشمن آج پھر ہماری تاک میں بیٹھے ہیں۔

پاکستانیوں اور خاص طور پر دیارِ غیر میں بسنے والے پاکستانیوں کے دل جذبۂ حب الوطنی سے سرشار ہیں۔ وقت کا تقاضہ ہے کہ ہم ہر سطح پر اتحاد، اتفاق اور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور اندرونی و بیرونی ملک پاکستان دشمن طاقتوں پر ثابت کر دیں کہ ہم قائد اعظم کی امانت کو مضبوط، مستحکم اور خوشحال بنانے میں ہر قسم کی جانی اور مالی مدد دینے سے گریز نہیں کریں گے۔ ہم آہنی ارادوں، بے لوث جذبے اور پیہم جدوجہد سے ہی مادرِ وطن کی حفاظت کر سکتے ہیں۔

پاکستان پائندہ باد!

ماہِ صیام

ہوا شعبان کل ختم اور ماہِ صیام آیا
ازل کی صبح کا نور آنکھ میں ہو کر تمام آیا

سعادت کے جلو میں رحمتِ پروردگار آئی
مسلمانوں کے گھر میں پھر خدا کا لطفِ عام آیا

فرشتوں نے جگایا فطرتِ آدم کو سوتے سے
حیاتِ جاوداں کا ابنِ آدم کو پیام آیا

درِ میخانۂ وحدت کے پٹ جبریل نے کھولے
ترستے تھے جسے میخوار گردش میں وہ جام آیا

وہ حکمت عرش سے اتری نبیِ ہاشمی پر جو
اخوت اور مساوات اور آزادی کا نام آیا

مبارک ہیں وہ انساں جن کی خاطر یہ مہینہ ہے
کلام اللہ لے کر دولتِ صلح و سلام آیا!

مسلمانو! یہ ہوتی ہے زمانے کے لیے شادی
عرب اور عجم کا خسرو عالی مقام آیا

وہ آقا جس کی رحمت نے اگر اپنوں کو تھاما ہے
تو اوقاتِ مصیبت میں پرایوں کے بھی کام آیا

ظفر علی خان

[illegible]



سلطان احمد روڈ اور نیو سمن آباد کے نشیبی علاقوں میں کشتیوں کے ذریعے شاہراہوں کو نکالا جا رہا ہے۔

کریسنٹ

ضلع جھنگ میں سیلاب سے ۲۵ ہزار مکانات تباہ ہو گئے۔ تحصیل ڈسکہ کے دو سو دیہات چھ فٹ پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں

۲۶۶۸ دیہات زیرِ آب آچکے ہیں، مکانات گرنے سے سینکڑوں افراد ہلاک اور زخمی

ملتان کے ۸۰۰ دیہات بہہ گئے، لیّہ میں سیلاب کا پانی داخل ہو گیا

نورپور، شورکوٹ، فیروزوالا، چنیوٹ اور شاہ پور کی تحصیلوں میں بھاری نقصانات

سیالکوٹ اور ڈسکہ میں ۴۸ گھنٹوں کے اندر مزید تیرہ انچ بارش ریکارڈ کی گئی

لاہور ——— (اپ سپ) آج صوبہ پنجاب کے بیشتر حصوں میں مسلسل بارشوں اور دریاؤں میں زبردست سیلاب کی وجہ سے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ تازہ ترین سرکاری اطلاعات کے مطابق اس وقت صوبے کے دس اضلاع کو زبردست تباہی کا سامنا ہے۔ ان اضلاع کے ۲۶۶۸ دیہات زیرِ آب آ گئے ہیں یا سیلاب سے بری طرح متاثر ہیں۔ [illegible]

سیالکوٹ

[illegible]

چلتے چلتے ———



مولانا کوثر نیازی مرکزی وزیر [illegible] امریکہ نامعلوم حالات کی بنا پر ملتوی ہو گیا ہے۔ اس ضمن میں مزید تفصیلات آئندہ شمارے میں ملاحظہ کیجئے۔

کراچی اور پشاور کے درمیان مین لائن پر ریلوے ٹریفک بحال ہو گئی

لاہور ——— [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Ramadan

TIME TABLE FOR TORONTO & VICINITY

INTENTION

is an essential requirement واجب for fasting. The wordings in Arabic are:

روزہ رکھنے کی نیت

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَيْتُ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ

which means *"I intend to fast tomorrow in the month of Ramadan."*

BREAKING FAST

When the sun has set, break the fast with the following words:

روزہ کھولنے کی نیت

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

'O Allah I keep fast for your sake and believed in you and put in you my trust and break my fast with food "provided by you."

Ramadan 1396	Aug./Sept. 1976		Dawn* & Fajr	Sunrise	Noon	Asr	Sunset	Isha
1	Fri.	27	4:45	6:35	1:25	4:47	8:03	9:03
2	Sat.	28	4:47	6:36	1:25	4:46	8:01	9:01
3	Sun.	29	4:49	6:37	1:25	4:45	8:00	9:00
4	Mon.	30	4:50	6:39	1:25	4:44	7:59	8:59
5	Tues.	31	4:51	6:40	1:24	4:43	7:56	8:56
6	Wed.	1	4:52	6:41	1:24	4:42	7:54	8:54
7	Thurs.	2	4:54	6:42	1:24	4:42	7:53	8:53
8	Fri.	3	4:56	6:43	1:23	4:40	7:51	8:51
9	Sat.	4	4:58	6:44	1:23	4:39	7:49	8:49
10	Sun.	5	5:00	6:46	1:23	4:38	7:47	8:47
11	Mon.	6	5:01	6:47	1:22	4:37	7:46	8:46
12	Tues.	7	5:03	6:48	1:22	4:36	7:44	8:44
13	Wed.	8	5.05	6:49	1:22	4:35	7:42	8:42
14	Thurs.	9	5:06	6:50	1:21	4:33	7:40	8:40
15	Fri.	10	5:08	6:51	1:21	4:32	7:38	8:38
16	Sat.	11	5:10	6:52	1:21	4:31	7:36	8:36
17	Sun.	12	5:11	6:53	1:20	4:30	7:34	8:34
18	Mon.	13	5:13	6:55	1:20	4:29	7:32	8:32
19	Tues.	14	5:14	6:56	1:20	4:28	7:30	8:30
20	Wed.	15	5:15	6:57	1:19	4:26	7:28	8:28
21	Thurs.	16	5:16	6:58	1:19	4:26	7:27	8:27
22	Fri.	17	5:17	6:59	1:19	4:25	7:25	8:25
23	Sat.	18	5:19	7:00	1:18	4:23	7:23	8:23
24	Sun.	19	5:21	7:02	1:18	4:23	7:21	8:21
25	Mon.	20	5:22	7:03	1:17	4:21	7:20	8:20
26	Tues.	21	5:24	7:04	1:16	4:20	7:18	8:18
27	Wed.	22	5:25	7:05	1:16	4:19	7:16	8:16
28	Thurs.	23	5:27	7:06	1:16	4:18	7:14	8:14
29	Fri.	24	5:29	7:07	1:15	4:16	7:12	8:12
30	Sat.	25	5:30	7:09	1:15	4:15	7:10	8:10
			EID UL FITR – subject to the visibility of the moon.					

*FINISH EATING BY THIS TIME.

Correction: To get exact local time for other locations add or subtract from this time table as noted below

Hamilton + 2 min.	Niagara Falls 2 min.	Waterloo + 4 min.	Guelph + 3 min.
Windsor + 14 min.	Kingston - 12 min.	London + 7 min.	Ottawa 15 min.
Vancouver - 12 min.	Montreal 24 min.	Calgary + 13 min.	Halifax - 4 min.
Chicago - 24 min.	Los Angeles - 15 min.	New York - 18 min.	

SEPTE

A

V

Lahor massiv monso Pakist NWFI Dama heavy sands less. S destro bridge comm still.

Follow storm thousa groun in Pu and h ted k totally

P.L PAI NU AM EM

New Y statem Kissing cut off Pakista ahead French flood-g Americ Statem urged supply promis Joining Columl tem(Cl sion n suppor asked Pakista rial on

The Pa tested broadca right point. the ri